شجرہ نسب چک نمبر 404 گ ب تحصیل تاندلیانوالہ بسلسلہ تصدیق شجرہ نسب پیش ہوا ہے، جس میں خورشید بی بی متوفیہ حال کے نام درج ہے جو وہ فوت ہوچکی ہے جس کے حقیقی وارثان راجن بی بی والدہ پہلے فوت شد، عالم شیر والد پہلے فوت شد، عبداللطیف خاوند بعد فوت، محمد ریحان، محمد عدنان پسران زندہ، خالدہ بی بی، ساجدہ، عابدہ پروین دختران زندہ اگر ان کے علاوہ کوئی وارث ہو یا کسی شخص کو اعتراض یا عذر ہوتو اندر اشاعت اخبار سات یوم زیردستخطی کے دربروہمراہ ثبوت پیش ہوں وگرنہ تصدیق شجرہ نسب کر دی جائے گی۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب زرتاشیہ نواز صاحبہ سینئر سول جج (فیملی ڈویژن) ننکانہ صاحب

درخواست برائے واپس کرنے چیکلہ جات وغیرہ عنوان مقدمہ: محمد ارشد وغیرہ بنام عوام الناس پتہ سائلان: محمد ارشد، طارق محمود پسران خوشی محمد اقوام راجپوت ساکنان نئی آبادی واربرٹن تحصیل وضلع ننکانہ صاحب۔ سائلان نے عدالت حضور میں درخواست واپس کرنے چیکلہ جات وغیرہ دائر کی ہے جس میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ بتقرر مورخہ 23-01-2024 بوقت 9 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط میرے ومہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب میڈم حبیبہ یونس صاحبہ سول جج درجہ اول قصور

مقدمہ نمبر 1273/SCJ بابت 23-02-07 دعوی استقرار حق معہ داد رسی مستلزمہ عنوان: محمد اعظم بھٹی ولد نذیر احمد ساکن روشن بھیلہ ڈاکخانہ خاص تحصیل وضلع قصور (مدعی) بنام چیف ایگزیکٹو لیسکو وغیرہ اشتہار بنام۔ چیف ایگزیکٹو لیسکو 22 اے کوینز روڈ لاہور xen لیسکو واپڈا۔ RO لیسکو رورل ڈویژن قصور۔ SDO لیسکو سب ڈویژن بہادر پورہ ضلع قصور (مدعاعلیہم) ہرگاہ مدعاعلیہم کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ برائے پیروی مقدمہ بالا بتقرر 21-01-2024 کو صبح 09 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آویں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جاوے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا......

بعدالت جناب مرزا زاہد بیگ صاحب نائب تحصیلدار/سرکل آفیسر ریونیو سٹی قصور

ہرگاہ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ حال متوفیہ سلمٰی بی بی زوجہ ثناء اللہ ھے کا انتقال وراثت رقبہ واقع موضع مصطفی عثمان تحصیل وضلع قصور جو برائے تصدیق وارثان درج رجسٹر کروایا ہے اور حسب ذیل وارثان تحریر کروائے ہیں۔ والد قاسم علی۔ والدہ بشیراں بی بی متوفی دونوں پہلے فوت شدہ ہیں۔ خاوند ثناء اللہ زندہ۔ عبدالجبار پسر زندہ۔ خدیجہ زوجہ شہزاد اکرم۔ عابدہ بی بی زوجہ طارق محمود۔ آمنہ بی بی زوجہ محمد امین دختران متوفی زندہ ھیں اسکے علاوہ اورکوئی وارث ہو یا عوام الناس یا کسی ادارے کو عذر یا اعتراض ہو تو اشاعت ہذا کے سات یوم کے اندر۔ اندرعدالت زیردستخطی میں اصالتاً یا وکالتاً دائر کر سکتا ہے۔ بعدازیں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب مرزا زاہد بیگ صاحب نائب تحصیلدار/سرکل آفیسر ریونیو موضع روشن بھیلہ قصور

ہرگاہ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ حال متوفیہ سائیراں بی بی دختر نور براں بیوہ غلام محمد کا انتقال وراثت نمبری 133 مورخہ 22-03-1956 قبل ازیں منظور شدہ ہے۔ رقبہ واقع موضع تحل تحصیل وضلع قصور جو برائے تصدیق وارثان درج رجسٹر کروایا ہے اور حسب ذیل وارثان تحریر کروائے ہیں۔ والدہ نور براں متوفیہ پہلے فوت شدہ ہے۔ خاوند غلام محمد پہلے فوت شدہ ھے۔ بلال پسر فوت شدہ۔ عمر دین پسر فوت شدہ۔ نور محمد پسر زندہ ھے۔ مریم بی بی زینب بی بی دختران زندہ ہیں۔ فاطمہ بی بی دختر متوفیہ زوجہ حاکم علی فوت شدہ ھے اسکے علاوہ اور کوئی وارث ہو یا عوام الناس یا کسی ادارے کو عذر یا اعتراض ہوتواشاعت ہذا کے سات یوم کے اندر۔ اندرعدالت زیردستخطی میں اصالتاً یا وکالتاً دائر کر سکتا ہے۔ بعدازیں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔

اطلاع عام

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ میں مسمی محمد عمران خان ولد احمد خان سکنہ بھکر روڈ بستی صالحوں شاہ جھنگ صدر میسرز زم زم رائس ملز سکندر آباد نواں کوٹ روڈ تحصیل اٹھارہ ہزاری ضلع جھنگ میں شراکت دار ہوں اور اب میں نے مل مذکورہ میں شراکت داری ختم کردی ہے لہذا آج کے بعد مل مذکورہ سے متعلق کسی قسم کے لین دین کا میں ذمہ دار نہ ہونگا۔ اگر اس کے بارے کسی کو کوئی عذر اعتراض ہوتو سات یوم کے اندر رابطہ کریں۔ المشتہر محمد عمران خان ولد احمد خان سکنہ بھکر روڈ بستی صالحوں شاہ جھنگ صدر

بعدالت جناب احسان اللہ چوہدری صاحب سول جج فرسٹ کلاس پھالیہ

درخواست گارڈین سرٹیفکیٹ کنیز فاطمہ بنام عوام الناس محمد عاصم ولد میاں عاشق حسین بھٹی ساکن کالو چیمہ تحصیل وزیرآباد ضلع گوجرانولہ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے لیکن تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر 23-1-2024 بوقت 8 بجے صبح کو اصالتایا وکالتا حاضر عدالت آویں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب اعجاز محمود صاحب سول جج پاکپتن شریف

۔عنوان مقدمہ نازیہ بی بی دعوی تنسیخ نکاح بنام محمد یسین ولد محمد انور قوم ڈوگر ساکن 68 ای بی تحصیل عارفوالا ضلع پاکپتن ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں متعدد بار اپ کو طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل اسان طریقے سے ہونا مشکل ہے لہذا اپ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ 20-01-2024- بوقت 9:00 بجے عدالت ہذا آکر اپنا جواب داخل کریں بصورت دیگر اپ کے خلاف یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بعدالت جناب امانت علی صاحب سول جج فرسٹ کلاس/گارڈین جج ملکوال

درخواست حصول سرٹیفکیٹ گارڈین، بعنوان: محمد عارف بنام عوام الناس اشتہار منجانب: محمد عارف ولد محمد صادق قوم ملک سکنہ چک نمبر 7 تحصیل ملکوال ضلع منڈی بہاالدین، بنام عوام الناس ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائل نے درخواست حصول سرٹیفکیٹ گارڈین دائر کی ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار ہرخاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو عذر نسبت درخواست ہوتو بتقرر 24-01-2024 بوقت 09 بجے صبح کو اصالتایا وکالتا حاضر عدالت آویں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ دستخط ومہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب سیدہ بانو بخاری صاحبہ سول جج فیملی کورٹ وہاڑی

نوعیت: دعوی تنسیخ نکاح صائمہ غفار بنام کرامت علی بنام کرامت علی ولد عبدالرزاق ذات انصاری سکنہ چک نمبر 297/EB تحصیل بوریوالہ ضلع وہاڑی ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بارطلب کیا گیا مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونے مشکل ہے لہذا بذیعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 20-01-2024 کو بوقت 9 بجے اصالتاً یا داکلتاً حاضر عدالت ہو ورنہ یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اورعذر قابل قبول/سماعت نہ ہوگا۔ مہر عدالت دستخط

بعدالت جناب الیاس رضا ناصر صاحب سینئر سول جج فیملی ڈویژن اوکاڑہ

درخواست اجازت فروختگی جائیداد عنوان مقدمہ۔ زبیدہ ظہری بیوہ میر باز قوم چنڑ ساکن 33/4-L تحصیل وضلع اوکاڑہ۔ بنام عوام الناس اشتہار اخبار بنام۔ عوام الناس ہرگاہ سائل نے درخواست اجازت فروختگی جائیداد دائر کی ہے عوام الناس میں سے کسی کو کوئی عذر بابت درخواست ہوتو تاریخ مقرر 30-01-2024 کو بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر اپنا عذر پیش کریں بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا اور کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی۔ AS

بعدالت جناب محترمہ نسیم اختر ناز صاحبہ جج فیملی کورٹ چونیاں ضلع قصور۔

دعوی تنسیخ نکاح عنوان مقدمہ۔ مبین بی بی بنام عدیل سخاوت اشتہار بنام عدیل سخاوت ولد سخاوت علی ساکن مانکدکے تحصیل چونیاں ضلع قصور (مدعاعلیہ) ہرگاہ مدعاعلیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ دعوی عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے۔ اس لیے وہ بتقرر 19-01-2024 بوقت 09:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر پیروی کرے۔ بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔

بعدالت اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈز/نائب تحصیلدار تحصیل جھنگ

عنوان: تصدیق انتقال وراثت موضع کوٹ خان تحصیل وضلع جھنگ۔ ہرگاہ خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ (متوفی) نور محمد ولد سردار خان قوم بلوچ کے وارثان فاطمہ، سردار خان والدین پہلے فوت شد۔ فاطمہ زوجہ پہلے فوت شد۔ رب نواز پسر بعدفوت شد ظاہر کیے گئے ہیں۔ وارثان بارے اگرکسی کوکوئی عذراعتراض ہوتواندرسات یوم اپنا عذراعتراض پیش عدالت زیردستخطی کرے بعدازگزرنے میعادکوئی عذراعتراض قابل قبول نہ ہوگا اورانتقال وراثت تصدیق کردیاجائیگا۔

بعدالت جناب مستنصر لطیف چوہدری صاحب سول جج درجہ اول/فیملی کورٹ تاندلیانوالہ ضلع فیصل آباد

دعوی تنسیخ نکاح: رابعہ بی بی دختر فوجی کرامت علی بنام محمد اکرم ولد کالے خاں ذات پگالہ ساکن چک نمبر 420 گ ب تحصیل تاندلیانوالہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے۔ مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ مقررہ تاریخ 20-01-2024 بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر حسب ضابطہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہو گا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری کیا گیا۔

بعدالت جناب نوید انجم چوہدری صاحب سول جج/جج فیملی کورٹ پیرمحل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

۔دعوی تنسیخ نکاح بربنائے خلع۔ عنوان۔ ماریہ بی بی بنام محمد بلال اخبار اشتہار بنام۔ محمد بلال ولد شکور ذات بھٹی ساکن چک نمبر 757 گ ب تحصیل پیرمحل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ مدعاعلیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا مدعاعلیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے دعوی ہذا میں بتقرر 23/01/2024 بوقت صبح 9 بجے اصالتا یاوکالتا حاضر عدالت آویں عدم حاضری کی صورت میں کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی بھی عذر قابل قبول نہ ہوگا

بعدالت جناب مدثر مقصود صاحب سول جج درجہ اول/فیملی جج پیرمحل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

۔عنوان۔ پٹھانی بی بی بنام محمد انور۔ دعوی تنسیخ نکاح بر بنائے خلع۔ اخبار اشتہار بنام۔ محمد انور ولد پیر بخش قوم مسلم شیخ ساکن خانجواں تحصیل پیرمحل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے لہذا آپ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مقررہ تاریخ پیشی مورخہ 23/01/2024 بوقت صبح 9 بجے اصالتایا وکالتا حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔

بعدالت جناب نوید انجم چوہدری صاحب سول جج/جج فیملی کورٹ پیرمحل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

۔درخواست حصول سرٹیفکیٹ گارڈین۔ عنوان۔ مقصود بی بی زوجہ فرزند علی قوم جٹ ساکن گلی نمبر 2 محلہ غوثیہ آباد پیرمحل تحصیل پیرمحل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ بنام عوام الناس۔ اخبار اشتہار بنام عوام الناس۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا عوام الناس کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے درخواست ہذا میں بتقرر 19/01/24 بوقت صبح 9 بجے اصالتا یاوکالتا حاضر عدالت آویں عدم حاضری کی صورت میں کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی بھی عذر قابل قبول نہ ہوگا

بعدالت جناب ریونیو آفیسر صاحب/تحصیلدار صاحب حلقہ تحصیل گوجرہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ:

عنوان: تصدیق انتقال وراثت چکنمبر 434 ج ب تحصیل گوجرہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ: ہرگاہ خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ) متوفی حال جاوید اقبال (اللہ رکھی فوت شدہ، محمد لطیف فوت شدہ، محمد یونس فوت شدہ، رخسانہ بی بی زندہ، شگفتہ پروین فوت شدہ، راشدہ پروین زندہ، ظاہر کیے گئے ہیں۔ ان کیعلاوہ اگر کوئی وارث ہونے کا دعویدار ہو یا کسی کو کوئی عذراعتراض ہوتواندر 7 سات یوم تحریری طور پر پیش عدالت زیردستخطی کرے۔ بعدازاں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔ اورانتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب نوید انجم چوہدری صاحب سول جج/جج فیملی کورٹ پیرمحل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

۔درخواست حصول سرٹیفکیٹ گارڈین۔ عنوان فیضان بی بی بیوہ محمد اعجاز حسین قوم کھوکھر ساکن بستی درآباد سندھیلیانوالی تحصیل پیرمحل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ بنام عوام الناس۔ اخبار اشتہار بنام عوام الناس۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا عوام الناس کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے درخواست ہذا میں بتقرر 06/02/24 بوقت صبح 9 بجے اصالتا یاوکالتا حاضر عدالت آویں عدم حاضری کی صورت میں کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی بعد کوئی بھی عذر قابل قبول نہ ہوگا

بعدالت جناب ریونیو آفیسر صاحب/تحصیلدار صاحب حلقہ تحصیل گوجرہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ:

عنوان: تصدیق انتقال وراثت چکنمبر 434 ج ب تحصیل گوجرہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ: ہرگاہ خاص وعام کو مطلع کیا جا تا ہے کہ) متوفیہ حال خالدہ رحمان (عبدالرحمٰن زندہ، فاطمہ بی بی پہلے فوت شدہ، اکبر علی پہلے فوت شدہ، جبکہ فرخ الرحمٰن زندہ، قیصر رحمان زندہ فوزیہ رحمان زندہ، ظاہر کیے گئے ہیں۔ ان کیعلاوہ اگر کوئی وارث ہونے کا دعویدار ہو یا کسی کو کوئی عذراعتراض ہوتو اندر 7 سات یوم تحریری طور پر پیش عدالت زیردستخطی کرے۔ بعدازاں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔ اورانتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا۔ آج بدستخط ہمارے اورمہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب غلام شبیر چیمہ صاحب سول جج فرسٹ کلاس ملکوال

دعوی واپسی دخل زیر دفعہ 9، بعنوان: رامحمد صابر خان بنام ارشد محمود ولد عبدالخالق ذات بھٹی سکنہ محلہ ظفرآباد ملکوال تحصیل ملکوال ضلع منڈی بہاالدین، ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے لیکن تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر 24-01-2024 بوقت 09 بجے صبح کو اصالتایا وکالتا حاضر عدالت آویں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ دستخط ومہر عدالت سے جاری ہوا۔

بقیہ بقیہ جات 1

ٹھکانوں کو نشانہ بنایا گیا۔ آئی ایس پی آر نے بتایا کہ یہ آپریشن انٹیلی جنس بنیاد پر کیا گیا، یہ دہشت گرد پاکستان میں حالیہ حملوں کے ذمہ دار تھے، نشانہ بنائے گئے ٹھکانے بدنام زمانہ دہشت گرد استعمال کر رہے تھے۔ بیان میں کہا گیا کہ نشانہ بنائے گئے ٹھکانے استعمال کرنے والے دہشت گردوں میں دوستا عرف چیئرمین بجر عرف سوغات، ساحل عرف شفق، اصغر عرف بشام اور وزیر عرف وزی شامل ہیں۔ واضح رہے کہ پاکستان نے ایران کی جانب سے اپنی فضائی حدود کی خلاف ورزی کے 48 گھنٹے سے بھی کم وقت کے اندر آج علی الصبح ایرانی صوبے سیستان و بلوچستان میں دہشت گردوں کے ٹھکانوں پر حملہ کیا تھا جس میں متعدد دہشت گرد مارے گئے تھے۔ وزارت خارجہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا تھا کہ پاکستان نے جمعرات کی صبح ایران کے صوبے سیستان و بلوچستان میں انتہائی مربوط اور مخصوص اہداف کے خلاف مہارت سے فوجی کارروائیوں میں دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو نشانہ بنایا، 'مرگ بر سرمچار' کے نام سے خفیہ اطلاعات پر مبنی آپریشن میں متعدد دہشت گرد مارے گئے۔

بقیہ بقیہ جات 2

جارحیت کے جواب میں حکومت پاکستان نے ایران سے تمام سرکاری مشترکہ اقدامات فوری معطل کرنے کا بھی فیصلہ کیا تھا۔ بلوچستان کے سرحدی علاقے میں کارروائی کی تھی، جس کے نتیجے میں دو بچے جاں بحق ہوگئے تھے جبکہ ایران نے دعویٰ کیا تھا کہ اس نے دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو نشانہ بنایا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 3

انتخابات سے متعلق سیکیورٹی صورتحال کا جائزہ لے گی۔ عام انتخابات کے پرامن انعقاد کے لئے انتظامی امور سمیت متعلقہ امور کا بھی جائزہ لیا جائے گا۔ کمیٹی امن وامان کی صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے اضافی سیکیورٹی سے متعلق معاملات کو بھی دیکھے گی اور عام انتخابات کے پرامن انعقاد کے لئے الیکشن کمیشن کے احکامات پر عملدرآمد کو یقینی بنائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 4

کردی۔ لاہور کے قومی اسمبلی کے حلقے این اے 117 سے علی اعجاز بٹر، این اے 118 سے عالیہ حمزہ، این اے 119 سے شہزاد فاروق، این اے 120 سے عثمان حمزہ اعوان، این اے 121 لاہور سے وسیم قادر، این اے 122 سے لطیف کھوسہ، این اے 123 سے افضال کریم پاہٹ، این اے 124 سے ضمیر جھیڈو ایڈووکیٹ، این اے 125 سے رانا جاوید عمر، این اے 126 سے توقیر کھوکھر، این اے 127 سے ظہیر عباس کھوکھر، این اے 128 سے سلمان اکرم راجا، این اے 129 سے میاں محمد اظہر، این اے 130 سے یاسمین راشد کی حمایت کی جائے گی

بعدالت اسسٹنٹ
ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈز/نائب
تحصیلدار تحصیل جھنگ

عنوان: تصدیق انتقال وراثت موضع کوٹ خان تحصیل وضلع جھنگ۔ ہرگاہ خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ (متوفی) نور محمد ولد سردار خان قوم بلوچ کے وارثان فاطمہ، سردار خان والدین پہلے فوت شدہ۔ فاطمہ زوجہ پہلے فوت شدہ۔ رہنواز پسر بعد فوت شد ظاہر کیے گئے ہیں۔ وارثان بارے اگر کسی کو کوئی عذر اعتراض ہو تو اندر سات یوم اپنا عذر اعتراض پیش عدالت زیر دستخطی کرے بعد از گزرنے میعاد کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائیگا۔

بعدالت اسسٹنٹ
ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈز/نائب
تحصیلدار تحصیل جھنگ

عنوان: تصدیق انتقال وراثت موضع کوٹ خان تحصیل وضلع جھنگ۔ ہرگاہ خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ (متوفی) رہنواز ولد نور محمد قوم بلوچ کے وارثان نور محمد، فاطمہ والدین پہلے فوت شد۔ ساجی بی بی بیوہ بعد فوت شد۔ شوکت حیات، اللہ دتہ خان، لیاقت علی خان، نیک احمد، محمد نصیر، کوثر بی بی، نسیم بی بی، رضیہ بی بی، سلمہ بی بی پسران و دختران زندہ ظاہر کیے گئے ہیں۔ وارثان بارے اگر کسی کو کوئی عذر اعتراض ہو تو اندر سات یوم اپنا عذر اعتراض پیش عدالت زیر دستخطی کرے بعد از گزرنے میعاد کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائیگا۔

اطلاع عام

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ میں مسمی محمد عمران خان ولد احمد خان سکنہ بھکر روڈ بستی صالحوں شاہ جھنگ صدر میسرز زم زم رائس ملز سکندر آباد نواں کوٹ روڈ تحصیل اٹھارہ ہزاری ضلع جھنگ میں شراکت دار ہوں اور اب میں نے مل مذکورہ میں شراکت داری ختم کر دی ہے لہٰذا آج کے بعد مل مذکورہ سے متعلق کسی قسم کے لین دین کا میں ذمہ دار نہ ہونگا۔ اگر اس کے بارے کسی کو کوئی عذر اعتراض ہو تو سات یوم کے اندر رابطہ کریں۔

المشتہر محمد عمران خان ولد احمد خان سکنہ بھکر روڈ بستی صالحوں شاہ جھنگ صدر

بعدالت جناب احمد سعید صائم
صاحب سول جج جھنگ

عنوان مقدمہ: غلام رسول آثم وغیرہ بنام مسلم کمرشل بینک وغیرہ۔ دعوی استقرار حق اخبار اشتہار بنام مسلم کمرشل بینک بذریعہ منیجر برانچ اٹھارہ ہزاری کوڈ نمبر ی 0405 تحصیل اٹھارہ ضلع جھنگ، چیئرمین نادرا بذریعہ ڈسٹرکٹ منیجر نادرا جھنگ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہم کی تعمیل آسان طریقہ سے ممکن نہ ہے اسلئے بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر 23.01.2024 کو بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی وجوابدہی کریں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔

بعدالت جناب غضنفر علی خان
نائب تحصیلدار تحصیل شورکوٹ

عنوان: تصدیق انتقال وراثت موضع حسووالی تحصیل شورکوٹ۔ ہرگاہ خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ (متوفی) محمد اکرم ولد شوکت علی شاہ کے وارثان شوکت علی شاہ، نذیراں بی بی والدین پہلے فوت شد۔ سرداراں بی بی بیوہ زندہ۔ محمد اکرام، محمد اسلام محمد عمران، نصرت بی بی، عشرت بی بی، طاہرہ نسیم، عابدہ حسین پسران و دختران زندہ ظاہر کیے گئے ہیں۔ وارثان بارے اگر کسی کو کوئی عذر اعتراض ہو تو اندر سات یوم اپنا عذر اعتراض پیش عدالت زیر دستخطی کرے بعد از گزرنے میعاد کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائیگا۔

بقیہ بقیہ جات 5

مطابق (آج) جمعہ کو ہونے والے اجلاس میں پاک ایران کشیدگی پر آئندہ کے لائحہ عمل پر بھی غور ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 6

یا ایرانی فوج کے خلاف نہیں وہاں موجود دہشت گردوں کیخلاف تھے، کارروائی اپنی قومی سلامتی کے تحفظ اور دفاع کے لیے غیر متزلزل عزم کا مظہر ہے، دہشت گردی کے خاتمے کیلئے ایران سے رابطہ جاری رکھیں گے

بقیہ بقیہ جات 7

۔ اس سلسلے میں مغربی سرحدوں پر فضا میں ہونے والی ہر سرگرمی کو سختی سے مانیٹر کیا جا رہا ہے۔ تازہ صورت حال کے پیش نظر مغربی سمت سے آنے والی تمام پروازوں سے متعلق الرٹ رہنے کی ہدایت جاری کر دی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق سول ایوی ایشن اتھارٹی (سی اے اے) کو مغرب سے پاکستان کی حدود میں آنے والی تمام پروازوں کی سخت مانیٹرنگ کی ہدایت موصول ہوئی ہے۔ ائر ٹریفک کنٹرول کو ایران سمیت تمام مغربی پروازوں کی تفصیلات اکٹھی کرنے کی ہدایات ملی ہیں۔ اس قبل پہلے مغرب کی طرف سے پاکستان آنے والی پروازوں کی سخت مانیٹرنگ کبھی نہیں ہوئی۔ تاحال پاکستان اور ایران کی فضائی حدود کمرشل پروازوں کے لیے کھلی ہوئی ہے۔ ائرٹریفک کنٹرول (اے ٹی سی) کو تاحال ایران کے لیے فضائی حدود کی بندش کے متعلق کوئی ہدایت نہیں ملی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ایران اور پاکستان کے درمیان کمرشل پروازوں کی بندش کی بھی فی الحال کوئی ہدایت نہیں ہے۔

بقیہ بقیہ جات 8

کی صبح ہوئے ان حملوں میں 7 افراد ہلاک ہوئے ہیں۔ ایران کی سرکاری نیوز ایجنسی کے مطابق ہلاک ہونے والے ایران کے شہری نہیں تھے اس حوالے سے ایران کے صوبے سیستان بلوچستان کے ڈپٹی گورنر علی رضا مرحمتی نے کہا کہ سروان شہر کے قریب صبح 4 بج کر 5 منٹ پر دھماکوں کی آواز سنی گئی۔ سروان شہر صوبے کے دارالحکومت زاہدان کے جنوب مشرق میں 347 کلو میٹر کے فاصلے پر ہے۔

بقیہ بقیہ جات 9

عرصے میں متعدد شعبوں میں نمایاں کام کیا ہے۔ امید ہے کہ پاکستانی وفد کے دورہ کینیڈا سے دونوں ملکوں کے درمیان تعلقات کو مزید فروغ ملے گا۔ باہمی رابطوں اور وفود کے تبادلوں سے دوطرفہ تعلقات کو فروغ دینے میں مدد ملے گی

بقیہ بقیہ جات 10

ہے، حافظ آباد میں بھی موثر دے بنائیں گے حافظ آباد اور لاہور میں فرق نہیں کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 11

بعدالت جناب جج رانا انیل اشد
صاحب سول جج جڑانوالہ

عنوان:۔ غلام قمر بنام فخر الزمان وغیرہ

اشتہار اخبار بنام الیاس ولد طالب حسین سکنہ عبداللہ پارک گلی نمبر 5 جڑانوالہ۔ دعویٰ:۔ دلا پانے فہمید حساب۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر مورخہ 19-01-2024 کو بوقت صبح 09:00 بجے اصالتاً یا وکالتاً عدالت حاضر ہوں بصورت دیگر کارروائی عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا آج میرے بدستخط وثبت مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب ریونیو آفیسر
صاحب 90ر۔ب/ADLR
جڑانوالہ

ہرخاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ تاجان بی بی بیوہ محمد اسحاق (دختر دین محمد) جو کہ چک نمبر 90ر۔ب تحصیل جڑانوالہ ضلع فیصل آباد میں مالک اراضی فوت ہو چکی ہے۔ جس کے وارثان میں عائشہ بی بی والدہ، دین محمد والد، محمد اسحاق خاوند، محمد ارشد پسر (پہلے فوت شدگان)۔ محمد لیاقت علی پسر، کشور سلطانہ، شمیم اختر دختران، محمد حبیب، محمد منیب پوتے، حفصہ ارشد، مائرہ ارشد پوتیاں (زندہ) حیات وارث تصدیق ہوئے اگر کسی کو کوئی عذر ہو تو وہ بعد از اشاعت 7 یوم کے اندر اندر دفتر ہذا سے رجوع کریں بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب ریونیو آفیسر 93
ر۔ب/ADLR جڑانوالہ

ہرخاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مجیداں بیوہ حسین محمد (دختر لال دین) جو کہ چک نمبر 93ر۔ب تحصیل جڑانوالہ ضلع فیصل آباد میں مالک اراضی فوت ہو چکی ہے۔ جس کے وارثان میں جھنڈا بی بی والدہ، لال دین والد، حسین محمد خاوند، کشور بی بی دختر (پہلے فوت شدگان)۔ محمد شفیق پسر، ثریا بی بی، صفیہ بی بی دختران، زین وزیر علی پوتا، حبیبہ وزیر علی، میمونہ وزیر علی پوتیاں (زندہ) حیات وارث تصدیق ہوئے اگر کسی کو کوئی عذر ہو تو وہ بعد از اشاعت 7 یوم کے اندر اندر دفتر ہذا سے رجوع کریں بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہو گا۔

بعدالت جناب ریونیو آفیسر موضع
رنگ پورہ/645 گ ب/
ADLR جڑانوالہ

ہرخاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ سیداں بی بی بیوہ صادو (دختر نورا) جو کہ موضع رنگ پورہ/645 گ ب تحصیل جڑانوالہ ضلع فیصل آباد میں مالک اراضی فوت ہو چکی ہے۔ جس کے وارثان میں بھاگن والدہ، نورا والد، صادو خاوند، عبدالغفور پسر سرداراں بی بی دختر (پہلے فوت شدگان)۔ نذیراں بی بی دختر (بعد میں فوت شد) محمد یعقوب۔ محبوب عالم، اکمل علی پسران، بشیراں بی بی، رسولاں بی بی دختران محمد احمد پوتا، خدیجہ بی بی، شفاء فاطمہ پوتیاں، امان اللہ حبیب، فیض الرحمن، ضیاء الرحمن نواسے، نائلہ حبیب نواسی (زندہ) حیات وارث تصدیق ہوئے اگر کسی کو کوئی عذر ہو تو وہ بعد از اشاعت 7 یوم کے اندر اندر دفتر ہذا سے رجوع کریں بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہو گا۔

درستگی تاریخ پیدائش

بابر رسول (بیٹا)

محمد اسلم (والد)

میں مسمی بابر رسول ولد محمد اسلم نے زیر رولنمبر 141104 سالانہ 2007 کے تحت سیکنڈری سکول کا امتحان میٹرک بورڈ آف انٹر میڈیٹ سیکرٹری گوجرانوالہ سے پاس کر چکا ہوں میری درست تاریخ پیدائش 03-06-1989 ہے جبکہ میری سند پر تاریخ پیدائش 31-12-1989 درج ہے جو کہ درست نہ ہے لہذا میں اپنی سند /اسناد پر تاریخ پیدائش 03-06-1989 ترمیم کروانا چاہتا ہوں اگر کسی شخص /ادارے سرکاری وغیر سرکاری کو کوئی اعتراض ہو تو 15 یوم کے اندر سیکرٹری بورڈ آف انٹرمیڈیٹ گوجرانوالہ کو تحریری طور پر مطلع کریں بعد میں کوئی عذر واعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔

نے کہا ہے کہ میرے گھر جب کچھ لوگ آئے تھے تب سے 2 موبائل فون غائب ہیں۔ الیکشن کمیشن کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مجھے بتایا گیا ہے کہ موبائل اس وقت کسی کی تحویل میں نہیں، میں نے لوکیشن چیک کروائی، ایک موبائل کی لوکیشن ای 11 کی ہے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ کوشش تھی کہ ہمارا مشترک انتخابی نشان ہوتا کہ دو کنفیوژن نہ ہو، میں ایک درخواست کے پراسس کے لیے الیکشن کمیشن آیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ امیدوار آزاد ہیں، ہارس ٹریڈنگ کے خدشات موجود ہیں، لیکن ہمارے ساتھ مخلص پارٹی امیدوار میدان میں ہیں۔ پی ٹی آئی رہنما نے کہا کہ مشکل وقت میں ورکرز ہمارے ساتھ رہے، امید ہے کہ وہ کرپشن نہیں کریں گے، بانی پی ٹی آئی کے کاغذات نامزدگی مسترد ہونے کے باوجود ہمیں عدلیہ پر اعتماد ہے۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کے کاغذات نامزدگی مسترد کرنا غیر آئینی و غیر قانونی ہے، پارلیمنٹ جا کر امیدوار پارٹی کا حصہ رہیں گے کیونکہ کاغذات پر پارٹی کا نام لکھا ہے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ پارٹی امیدواروں کی لسٹ اپ ڈیٹ کر دی ہے، کل تک ان کے انتخابی نشان بھی اپ ڈیٹ کر دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ان امیدواروں کے لیے انتخابی مہم بھی چلائیں گے، ہم یہ عوام پر چھوڑیں گے کہ وہ جس کو چاہیں ووٹ دیں۔ پی ٹی آئی رہنما بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا کہ نظرثانی کی اپیل دائر کریں گے کیونکہ یہ ہمارا آئینی و قانونی حق ہے، میرے گھر سے سرسری کاغذات اٹھائے گئے

بقیہ بقیہ جات 12

میں ہونے والی ملاقاتیں بے نتیجہ رہیں۔ ترجمان ن لیگ اختیار ولی کے مطابق جے یو آئی سیٹ ایڈجسٹمنٹ میں پنجاب میں زیادہ سیٹیں مانگ رہی تھی۔ انہوں نے بتایا ہے کہ کسی حلقے میں اے این پی کے امیدوار دستبردار ہونے کے لیے تیار نہیں ہیں۔ اے این پی کے ترجمان کے مطابق دیگر پارٹیوں کے امیدوار ہمارے مضبوط حلقوں سے انتخابات لڑنا چاہتے تھے۔ پیپلز پارٹی کے ترجمان نے کہا کہ دیگر پارٹیوں کا ہر امیدوار سمجھتا ہے کہ وہ جیت رہے ہیں، اس لیے سیٹ ایڈجسٹمنٹ نہ ہوسکی۔ ترجمان جے یو آئی ایف خیبر پختون خوا عبدالجلیل جان کے مطابق خیبر پختون خوا میں کسی پارٹی کے ساتھ اتحاد نہیں کیا، ضلع دیر میں ایک سیٹ ایڈجسٹمنٹ ہوئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 13

بنے اپنے حلقے میں مختلف ٹاسک سونپ دیئے۔ چوہدری محمد سرور نے کہا کہ بلاول بھٹو نے پنجاب کے دارالحکومت میں الیکشن لڑنے کا بڑا جرات مندانہ فیصلہ کیا ہے، انہیں لاہور سے کامیاب کروائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی کی بنیاد لاہور میں رکھی گئی، آمریت کے دور میں لاہور نے ہی محترمہ بے نظیر بھٹو کا فقید المثال استقبال کیا، لاہور یہ نہیں دیکھتا کہ کس کا کس صوبے سے تعلق ہے، لاہور صرف اہلیت دیکھتا ہے، بلاول بھٹو کی الیکشن مہم کے لئے یورپ اور امریکہ سے بھی لوگ آرہے ہیں،

بقیہ بقیہ جات 14

قونصل جنرل ژاؤ شیرین اور چینی ماہرین ماحولیات کی ملاقات ہوئی، محسن نقوی نے چینی ماہرین سے ماحول میں اسموگ کے خاتمے کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا۔

بقیہ بقیہ جات 15

۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری کیے گئے ایک بیان میں شہباز شریف نے کہا کہ حکومتی عملداری سے محروم علاقے میں کارروائی دہشت گردی کے خاتمے کے لیے اہم ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گرد مشترکہ دشمن ہیں، علاقائی اور عالمی سطح پر تعاون ضروری ہے، پاکستان اپنی خودمختاری، سلامتی اور تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گا۔ شہباز شریف نے کہا کہ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے مل کر کام کرنے کی ضرورت ہے، انسداد دہشت گردی کے مشترکہ نظام کو بحال کیا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 16

کی اور دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تعلقات کو مضبوط بنانے سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان قریبی برادرانہ تعلقات کی تزویراتی اہمیت پر زور دیا جو مشترکہ ثقافتی ورثے اور مشترکہ مفادات سے جڑے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 17

مرگ بر سرمچار کی کامیابی دشمن قوتوں کے لیے ایک پیغام ہے۔ آپریشن مرگ بر سرمچار انجام دینے پر پاک فوج کو مبارکباد دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آپریشن مسلح افواج کی مثالی صلاحیت اور پیشہ ورانہ مہارت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ پاکستان امن پسند قوم ہے لیکن اس عزم کو کمزوری کی علامت نہ سمجھا جائے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، پوری قوم پاکستانی مسلح افواج کی لگن اور بہادری کو سلام پیش کرتی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 18

اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ دونوں پڑوسی برادر ممالک تحمل کا مظاہرہ کریں۔ وزارت خارجہ کے ایک بیان میں کہا گیا کہ خطے میں طویل مسلط کی گئی جنگ اور عدم استحکام کے بعد خطے میں امن اور سلامتی سانس لے رہی ہے اسی لئے دونوں ممالک کو چاہیے کہ علاقے میں امن اور استحکام کیلئے کوششیں کریں اور اپنے اختلافات اور مسائل سفارتی راستوں یا چینل کے ذریعے مذاکرات سے حل کریں۔

بقیہ بقیہ جات 19

پر گفتگو کی گئی۔ مولانا فضل الرحمن نے کہا کہ سی پیک پاکستان کیلئے گیم چینجر، منصوبہ پورے خطے میں معاشی استحکام لائے گا۔ مولانا فضل رحمان نے "ون چائنہ اصول" کے حوالے سے پاکستان کے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ تائیوان کے حوالے سے کسی بھی ملک کا چین کے اندرونی معاملات میں دوسرے ممالک کی مداخلت قبول نہیں۔ چینی سفیر نے دوطرفہ تعلقات کو مزید تقویت دینے کے عزم کا اظہار کیا اور پاکستان کے ترقیاتی اہداف کے حوالے سے حمایت جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ بقیہ جات 20

اور 190 ملین پاؤنڈ ریفرنسز میں جیل ٹرائل کے نوٹیفکیشنز کے خلاف درخواست پر سماعت جسٹس گل حسن اورنگزیب اور جسٹس ارباب طاہر نے کی۔

بقیہ بقیہ جات 21

دونوں کوئی معمولی واقعات نہیں ان کے پیچھے پوری داستان ہے۔ انہوں نے کہا کہ جس شخص نے ملک کو ایٹمی قوت بنایا وہ آج یہاں بیٹھا ہے، 28 مئی والوں نے ملک سنوارا اور 9 مئی والوں نے ملک کو بگاڑا، ایک تاریخ پاکستان کو سنوارنے کی ہے اور ایک تاریخ اجاڑنے کی، 28 مئی والوں نے ملک کو بنایا جب کہ 9 مئی والے ملک میں آگ لگانے والے ہیں۔ مریم نواز نے کہا کہ 9 مئی والے چار سال رہنے کے باوجود ملک میں مہنگائی کو لانے کے ذمہ دار ہیں، جب کہ 28 مئی والوں نے نوجوانوں کے ہاتھوں میں روزگار اور لیپ ٹاپ دیے، روٹی سستی کی اور سڑکوں کا جال بچھایا، حافظ آباد والے بتائیں وہ 8 فروری کو 28 مئی والوں کا ساتھ دیں گے یا نو مئی والوں کا؟

بقیہ بقیہ جات 22

ذاتی ایشوز اب پیچھے ہو گئے ہیں۔ پیشی کے دوران جوڈیشل کمپلیکس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ ایران کے واقعے پر ساری قوم کو افواج پاکستان کے ساتھ کھڑے ہونے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس معاملے پر پوری قوم کو اکٹھا ہونا چاہیے اور ہم اکٹھے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 23

میں ایران کے ساتھ بڑے اچھے تعلقات رہے، سعودی عرب اور ایران تنازع کے حل کے لیے پاکستان نے بھرپور کردار ادا کیا تھا۔ دہشت گردی سے نمٹنے کے لیے پاکستان اور ایران کو مشترکہ حکمت عملی بنانی چاہیے، پاکستان اور ایران میں بلوچ علیحدگی پسند تحاریک چل رہی ہیں۔ خواجہ آصف نے کہا کہ پاکستان اور ایران کو ان تحاریک سے مشترکہ طور پر نمٹنے کی ضرورت ہے

بقیہ بقیہ جات 24

پشاور ہائیکورٹ کے جسٹس اشتیاق ابراہیم، جسٹس اعجاز انور اور جسٹس صاحبزادہ اسداللہ پر مشتمل بینچ نے مراد سعید کیا کاغذات نامزدگی سے متعلق درخواست پر سماعت کر کے فیصلہ محفوظ کیا تھا تاہم سماعت کے دوران مراد سعید کے وکیل نے عدالت کو بتایا کہ درخواست گزار نے ٹکٹ واپس کر دیا ہے۔ عدالت نے درخواست گزار کی جانب سے ٹکٹ واپس لیے جانے پر درخواست نمٹا دی۔

بقیہ بقیہ جات 25

مطابق (آج) جمعہ کو ہونے والے اجلاس میں پاک ایران کشیدگی پر آئندہ کے لائحہ عمل پر بھی غور ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 26

کنندہ کے وکیل، بجی بینک اور درخواست گزار کے وکیل بھی عدالت میں پیش ہوئے۔ بعدازاں عدالت نے سماعت کرتے ہوئے فہمیدہ مرزا اور ذوالفقار مرزا کی کاغذات نامزدگی مسترد ہونے کے خلاف درخواستیں منظور کرلیں۔ اس سے قبل 15 جنوری کو عدالت نے سابق اسپیکر قومی اسمبلی اور ان کے شوہر سابق وزیر داخلہ سندھ کے کاغذات نامزدگی مسترد ہونے کے خلاف اپیل پر فریقین کو نوٹس جاری کر دیے تھے۔ 13 جنوری کو ڈاکٹر فہمیدہ مرزا اور ان کے شوہر ذوالفقار مرزا نے الیکشن ٹریبونل کے کاغذات نامزدگی مسترد کرنے کے فیصلے کے خلاف سندھ ہائی کورٹ میں آئینی درخواستیں دائر کر دیں تھیں۔ اس سے قبل 8 جنوری کو الیکشن ٹریبونل نے سابق اسپیکر قومی اسمبلی اور ان کے شوہر کی اپیلیں مسترد کرتے ہوئے ریٹرننگ افسر کا فیصلہ برقرار رکھا تھا

بقیہ بقیہ جات 27

لیا۔ سزا یافتہ کی نااہلی مدت 10 سال کرنے کی نیب اپیل پر سماعت کے دوران اٹارنی جنرل اور ایڈیشنل اٹارنی جنرل عدالت میں پیش نہ ہوسکے، جس پر عدالت نے برہمی کا اظہار کیا۔ نیب پراسیکیوٹر نے بتایا کہ عدالت کی جانب سے اٹارنی جنرل سے جواب مانگا گیا تھا،

بقیہ بقیہ جات 28

ایرانی شہریوں کو جانی نقصان سے بچاتے ہوئے دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو نشانہ بنانے پر مسلح افواج کی پیشہ وارانہ مہارت کی تعریف کی اور کہا کہ دہشت گردی ایک مشترکہ چیلنج ہے جس کے خاتمے کیلئے عالمی کوششوں کی ضرورت ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان تمام ریاستوں کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کا مکمل احترام کرتا ہے، پاکستان دیگر ممالک سے بھی یہی توقع رکھتا ہے کہ وہ بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی نہ کریں، پاکستان اور ایران برادر ممالک ہیں، مسائل کو مذاکرات اور باہمی مشاورت سے حل کرنے کی ضرورت ہے۔

بقیہ بقیہ جات 29

کے لیے بند رہی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پاکستانی بارڈر حکام نے طورخم پر تجارت کو ڈرائیوروں کے ویزوں سے مشروط کر دیا ہے، بارڈر کی بندش پر پاک افغان بارڈر حکام کی ملاقاتیں بھی بے نتیجہ نکلیں۔ سرحد کے دونوں اطراف فروٹ اور سبزیوں سے بھری ہزاروں گاڑیاں کھڑی ہیں، بارڈر بندش کے باعث گاڑیوں میں فروٹ اور سبزیاں خراب ہونے لگیں۔ ٹرانسپورٹروں نے دونوں اطراف سے بارڈر کھولنے کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 30

کرتے ہوئے شیری رحمن نے کہا کہ پاک ایران سرحد پر کئی سال سے اس قسم کے ایشوز ہوتے رہے ہیں۔ شیری رحمن نے کہا کہ بہتر ہوگا کہ دونوں ملک اس قسم کے تنازعات کو مزید بڑھنے نہ دیں، پاکستان کے ایران کے ساتھ پرانے روابط ہیں، تعلقات بہتر کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور ایران دونوں کو اب تحمل کا مظاہرہ کرنا چاہیے، ایران کی جانب سے پاکستانی خودمختاری پر حملہ غیر متوقع تھا۔ پیپلز پارٹی کی رہنما نے کہا کہ ایران کو اگر کچھ خدشات تھے تو وہ پاکستان کو آگاہ کرتا۔

بقیہ بقیہ جات 31

شیخ رشید نے 9 مئی سے متعلق کیسز میں درخواست ضمانت دائر کر دی۔ انہوں نے درخواست ضمانت بعد از گرفتاری انسداد دہشتگردی عدالت راولپنڈی میں دائر کی ہے۔ شیخ رشید کی جانب سے درخواست وکیل سردار شہباز کے توسط سے دائر کی گئی ہے۔ وکیل سردار شہباز نے درخواست میں مؤقف اپنایا ہے کہ شیخ رشید مقدمے میں نامزد نہیں ہیں، انہیں نو مئی کے بعد کو سیاسی انتقام کا نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ یاد رہے کہ 2 روز قبل 9 مئی حملہ کیس میں شیخ رشید کی درخواست ضمانت خارج کر دی گئی تھی جس کے بعد انہیں احاطہ عدالت سے گرفتار کر لیا گیا، شیخ رشید کی تھانہ نیو ٹاؤن کے مقدمہ میں ضمانت خارج کی گئی تھی۔

بقیہ بقیہ جات 32

سیلات زر میں دسمبر کے دوران سالانہ بنیادوں پر 9 فیصد کی نمو ریکارڈ کی گئی تاہم جاری مالی سال کے پہلے 6 ماہ میں سعودی عرب سے ترسیلات زر کا حجم 9 فیصد کم ہوگیا۔ اسٹیٹ بینک کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق دسمبر میں سعودی عرب میں کام کرنے والے پاکستانیوں نے 578 ملین ڈالر کا زرمبادلہ ملک ارسال کیا جو دسمبر 2022ء کے مقابلہ میں 9 فیصد زیادہ ہے

بقیہ بقیہ جات 33

میں بھی آپ کے پاس آیا تھا۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا کہ ایک بار پھر آپ کے پاس آیا ہوں، پیپلز پارٹی کی سینٹرل کمیٹی نے مجھے وزیراعظم نامزد کیا ہے، آپ ہمارا ساتھ دیں وفاق میں بھی پیپلز پارٹی کی حکومت بنائیں گے، آپ سے وعدہ ہے وزیراعظم بنائیں بیروزگاری ختم کروں گا۔ انہوں نے کہا کہ جیالے عوام کو بتائیں کہ وہ اپنا ووٹ ضائع نہ کریں، مقابلہ شیر اور تیر کا ہے، تیر کو ووٹ دیں، دیگر سیاسی جماعتیں ذاتی دشمنی اور ذاتی مفاد کے لیے الیکشن لڑ رہی ہیں، ہم عوام کے لیے میدان میں ہیں، ہماری حکومت آئی تو مزدور کارڈ، کسان کارڈ، یوتھ کارڈ لے کر آئیں گے۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ نوشہرو فیروز شہر کے لیے خاص پلان ہے، سیلاب سے بہت نقصان ہوا، آپ کی مدد کرنی ہے، اقوام متحدہ کے جنرل سیکرٹری کو پاکستان لے کر آیا، گھر بنانے کا منصوبہ سندھ میں شروع ہو چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 20 لاکھ گھر بنا کر لوگوں کو مالکانہ حقوق دے رہے ہیں، 50 فیصد تعلیمی ادارے سیلاب میں تباہ ہو چکے ہیں، ان کی ڈویلپمنٹ کا کام کرائیں گے۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ 8 فروری کو پیپلز پارٹی کے امیدواروں کو کامیاب کرانا ہے، نوشہرو فیروز یونیورسٹی نہیں ہے، نوشہرو فیروز میں بنائیں گے، این آئی سی وی ڈی بھی بنائیں گے تا کہ عوام کو مفت علاج میسر ہو۔

بقیہ بقیہ جات 34

کرنے کیلئے تعمیری کردار ادا کرنے کیلئے تیار ہے۔ دوسری جانب ترجمان چینی وزارت خارجہ کا کہنا تھا کہ پاکستان اور ایران کے درمیان ثالثی کے لیے تیار ہیں، فریقین تحمل کا مظاہرہ کریں اور کشیدگی میں اضافے سے بچیں، چین کشیدہ صورتحال میں کمی کیلئے تعمیری کردار ادا کرنے کیلئے تیار ہے۔

بقیہ بقیہ جات 35

ہیں۔ ان عناصر کی مدد سے دنیا کی طاقت ور ترین افواج کا انڈیکس ریٹ تیار کیا جاتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 36

ہوئے کہا کہ غیر ملکی سرمایہ کاروں کو پورے اعتماد کے ساتھ پاکستان میں سرمایہ کاری کے لئے آمادہ کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ بزنس فیسلیٹیشن سنٹرز نے سرمایہ کاری میں جدت پیدا کر دی ہے

بقیہ بقیہ جات 37

مفت سہولت فراہم کی جائے گی، مزدور کارڈ، کسان کارڈ دیں گے، دل کے امراض، کینسر، گردوں، جگر کا علاج مفت کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ دوکانوں کے سیلز مین، گھروں کے ملازمین، رکشہ ڈرائیور سمیت مزدور طبقے کو لیبر کارڈ دیے جائیں گے، تین سو یونٹس تک بجلی استعمال کرنے والوں کو سولر سسٹم سے فری بجلی دیں گے۔ ناصر حسین شاہ نے مزید کہا کہ عوام کو ریلیف دیں گے، مہنگائی کا خاتمہ کریں گے، بلاول بھٹو وزیراعظم بن کر ملک کا تشخص بحال کرائیں گے

بقیہ بقیہ جات 38

ہے لیکن سی بھی کرسی کی مقبولیت یا اس کا زیادہ استعمال اس کے مستحکم ہونے کی علامت نہیں ہے

بقیہ بقیہ جات 39

مختاری میں مداخلت بلکہ عالم اسلام کی یکجہتی کو نقصان پہنچانے بالواسطہ اسرائیل کو فائدہ پہنچانے کے مترادف ہے اغیار کی کوشش وخواہش ہے مسلم امہ تقسیم و فروعی اختلاف کو شکار ہو جبکہ دوررس نتائج پر نظر رکھنے والے ممالک دشمن کی بجائے دوست ممالک سے رواداری و برداشت کا رویہ اختیار کر کے مذاکرات ومعلومات کی شراکت پر یقین رکھتے ہیں براہ راست کارروائی بین الاقوامی اصولوں کے منافی و اخلاقی پستی و دوطرفہ پڑوسی ممالک کے تعلقات کے تناظر میں قابل تفکر ہے۔

بقیہ بقیہ جات 40

سمیت تمام اشیا کی پروکیورمنٹ کرتی ہے۔ زیر تربیت ڈی ایس پیز کو پروکیورمنٹ کے طریقہ کار، کمیٹیوں کی تشکیل اور پرچیز پراسس بارے آگاہ کیا گیا۔ زیر تربیت افسران نے پروکیورمنٹ پراسس بارے مختلف سوالات بھی پوچھے۔ ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق سندھ پولیس کے زیر تربیت افسران اپنی ٹریننگ کے سلسلہ میں پنجاب پولیس کی ورکنگ بارے آگاہی حاصل کر رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 41

کہا کہ الیکشن میں کوئی ایک پارٹی واضح اکثریت نہیں لے گی، اکثریت کے لیے 170 نشستیں چاہئیں ہوتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جے یو آئی، ایم کیو ایم اور ن لیگ سے مل کر حکومت بنا سکتے ہیں، ہر پارٹی اپنا فیصلہ کرے گی الائنس میں جائے یا اپوزیشن میں بیٹھے، اتحادی حکومت کے لیے شہباز شریف نواز شریف سے بہتر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خود کے لیے وزیراعظم بننے کا سوچنا میری تربیت نہیں، ویسے تو بلا بلا ہی ہوتا ہے مگر سندھی میں ہم بلا بڑے سے اژدھا کو کہتے ہیں اور جب سیاست سے بلا نکل گیا تو ن لیگ میدان میں آ گئی۔ خورشید شاہ نے کہا کہ پی ٹی آئی نے عدالت میں اپنا کیس درست طریقے سے نہیں لڑا، پنجاب میں بڑی طاقت کے ساتھ آگے آئیں۔

بقیہ بقیہ جات 42

تھے۔ اسلم گل نے کہا کہ بلاول بھٹو نے ہمیشہ چاروں صوبوں کی بات کی ہے، وہ این اے 127 سے الیکشن لڑ رہے ہیں اور ہر گزرتے دن کے ساتھ بلاول بھٹو کے لیے لوگ نکل اور حمایت کا اعلان کر رہے ہیں۔ ذوالفقار علی بدر نے کہا کہ شیعہ پولیٹیکل پارٹی کے سربراہ نوبہار شاہ نے بھی بلاول بھٹو کی حمایت کا یقین دلایا ہے۔ اس سے قبل سابق گورنر پنجاب چودھری سرور نے بھی حمایت کا اعلان کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلاول بھٹو کا الیکشن لاہور سے جیتنا اس لئے ضروری ہے کہ وہ ملک کی بات کرتے ہیں۔ شیعہ پولیٹیکل پارٹی کے سربراہ نوبہار شاہ نے کہا کہ ہم نے بانی پیپلز پارٹی کے حکم پر پاکستان شیعہ پارٹی بنائی، ہم نے ہمیشہ پیپلز پارٹی کا ساتھ دیا۔ انہوں نے کہا کہ بلاول بھٹو کی قابلیت کے سب دیوانے ہیں، ملک بھر میں ہماری جماعت پیپلز پارٹی کا ساتھ دے گی

بقیہ بقیہ جات 43

کی عمر پچپن سال ہے جسے گرفتار کر لیا گیا ہے۔ نواں کوٹ پولیس کی جانب سے واقعہ کا مقدمہ درج کر کے تحقیقات کا آغاز کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 44

کیا گیا، ملزم پیسے بٹورنے کے باوجود شہریوں کو عمرے کی غرض سے سعودی عرب بھجوانے میں ناکام رہا۔

بقیہ بقیہ جات 45

ارب روپے کی لاگت سے ہسپتال بنایا۔

بقیہ بقیہ جات 46

سے انجام دینے میں ناکام رہی ہیں۔ دونوں آپریٹرز نے تسلیم شدہ ریگولیٹری قوانین کو نظرانداز کیا جس سے مسافروں کے لیے خاصی مشکلات پیدا ہوئی ہیں۔ ایئر بلیو اور سیرین ایئر کو مالی جرمانے اور لائسنس کی معطلی یا منسوخی جیسے اقدامات کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے اس حوالے سے طے شدہ پروازوں کی تعداد کو کم کرنے جیسے اقدامات بھی عمل میں لائے جاسکتے ہیں۔ دونوں آپریٹرز کو 7 دن میں اپنے اپنے جوابات جمع کرانے کا کہا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 47

انجینئر انور وٹو نے تحصیلدار ماڈل ٹاؤن رانا ارسال اور تحصیلدار ریکنٹ سجاد قریشی کے ساتھ مل کر سینٹرل سرکل میں 67 نادہندگان سے 2.46 ملین اور ساتھ سرکل میں 37 نادہندگان سے 0.91 ملین کی ریکوری کی۔ اسی طرح منیجر ٹیکنیکل انجینئر محمد فاروق نے تحصیلدار ننکانہ محمد اقبال رشید اور تحصیلدار شیخوپورہ محمد اسلم گجر کی معاونت کے ساتھ ننکانہ سرکل میں 36 نادہندگان سے 0.64 ملین اور شیخوپورہ سرکل میں 89 نادہندگان سے 1.86 ملین کی ریکوری کی

بقیہ بقیہ جات 48

مصنوعات بہترین معیار کی حامل ہیں لیکن اعلی پیداواری لاگت کی وجہ سے بین الاقوامی مارکیٹ میں مشکلات کا شکار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ توانائی صنعت کا ایک بڑا خام مال ہے لیکن اس کی زیادہ قیمتیں مسائل پیدا کر رہی ہیں لہذا توانائی کے شعبے پر ڈیوٹیوں اور ٹیکسوں کی تعداد کم کی جائے۔ انہوں نے ایل سیز نہ کھلنے جیسے مسائل حل کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔

بقیہ بقیہ جات 49

میں دسمبر میں خام تیل کی درآمد میں ماہانہ بنیاد پر 14 فیصد کمی ہوئی۔ رپورٹ کے مطابق نومبر میں 885000 ٹن خام تیل کی درآمد ریکارڈ کی گئی جو دسمبر میں کم ہو کر 757000 ٹن رہی۔ واضح رہے کہ مالی سال کے پہلے 6 ماہ میں پٹرولیم مصنوعات کی مجموعی درآمد میں سالانہ بنیاد پر 8 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی۔

بقیہ بقیہ جات 50

ایران کو بتا چکا تھا کہ دہشت گرد وہاں سے آپریٹ کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا ٹارگٹ بی ایل اے اور بی ایل ایف کے دہشتگرد تھے، ایرانی اثاثوں پر حملہ نہیں کیا گیا

بقیہ بقیہ جات 51

کے خلاف کارروائی کرنے والی ٹیم کو سلام پیش کرتا ہوں، حکومتی عملداری سے محروم علاقے میں کارروائی دہشت گردی کے خاتمے کے لئے اہم ہے

بقیہ بقیہ جات 52

کہا ہے کہ عوام کتاب پر مہر لگا کر روایتی سیاستدانوں سے جان چھڑائیں، عوام ووٹ سوچ سمجھ کر دیں 75 سالوں سے چند چہرے ہی قومی وصوبائی اسمبلیوں پر قابض ہیں، قوم ان انتخابات میں دھوکہ نہ کھائیں شعور اور زمہ داری کے ساتھ امیدواروں کا انتخاب کرے۔ انہوں نے کہا کہ ووٹ صرف پرچی کا نام نہیں بلکہ امانت ہے عوام اچھے دیانتدار، صالح اور امین نمائندوں کو ووٹ دیں اپنے ووٹ کے استعمال کے بعد پھر پانچ سال تک رونے دافسوس کے بجائے آج ہی ووٹ کا استعمال سوچ سمجھ کیساتھ اچھے نیک امیدواروں کے حق میں استعمال کریں جمعیت علما اسلام گفتار کی نہیں کردار کی غازی ہے عوام ہمیں خدمت کا موقع دے ان شاءاللہ ہم عوام کو مایوس نہیں کرینگے۔

بقیہ بقیہ جات 53

اور پاک فوج کو ایران کی جانب سے پاکستان پر حملے کا سبق سکھانا چاہیے تاکہ وہ آئندہ اس طرح کی جرات نہ کر سکے۔ انہوں نے کہا کہ ایرانی سرحد سے ہونے والا حملہ دراصل پوری پاکستانی قوم پر حملہ ہے، پوری قوم غم و ملال کی اس گھڑی میں سوگوار خاندان کے غم میں برابر کی شریک ہے۔

بقیہ بقیہ جات 54

تھے۔ اس موقع پر امیدوار ایم پی اے میاں اعجاز حسین بھٹی نے بھی خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی ماں کی مانند ہوتی ہے اور ماں بدلی نہیں جاتی، جو ماں کو بار بار بدلتے ہیں

بقیہ بقیہ جات 55

راولپنڈی میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 52 کنکشن جبکہ کمپریسر کے استعمال پر ایک کنکشن منقطع مزید گیس چوروں کو 3.5 لاکھ کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ شیخوپورہ میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 30 کنکشن منقطع کیے

بقیہ بقیہ جات 56

۔ اسی طرح ریاست پنسلوانیا میں بھی مسافر بردار منی وین برف سے ڈھکی سڑک پر کنٹرول کھو بیٹھی اور ٹریفک حادثے کا شکار ہو گئی جس کے نتیجے میں 5 افراد ہلاک ہو گئے۔ ریاست اوریگون میں منجمد کرنے والی برفباری اور یخ بستہ ہواؤں نے 85 ہزار افراد کو گھروں میں قید کر دیا جب کہ کاروباری سرگرمیاں معطل ہو کر رہ گئیں۔ بجلی کا نظام ٹھپ ہو گیا اور 50 ہزار گھر بجلی سے محروم ہو گئے۔ نیو یارک کے جنوب میں 30 انچ سے زیادہ برف پڑ چکی تھی جب کہ دیگر ریاستوں میں بھی یہی صورت حال ہے۔ شہریوں کو بلا ضرورت گھر سے نہ نکلنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 57

میں 9 سالہ علیشا، 6 سالہ سعدیہ اور 2 سالہ فرقان شامل ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 58

وکیل بھی ہیں، جیل میں بی کلاس دی جائے۔ جج محمد بشیر نے کہا کہ میں فواد چوہدری کے لیے جیل میں بی کلاس کا لکھ دوں گا

بقیہ بقیہ جات 59

اور 9 جنوری کے ٹرائل کورٹ کے آرڈرز کو کالعدم قرار دیا جائے۔ واضح رہے کہ بشریٰ بی بی کے کیس کی فائل بھی گزشتہ روز چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ کو بھجوا دی گئی تھی۔

بقیہ بقیہ جات 60

کیے گئے بم کی جگہ سے سینئر پولیس افسران اور ججز کو گزرنا تھا

بقیہ بقیہ جات 61

کے وکیل سردار لطیف کھوسہ عدالت میں پیش ہوئے۔ سماعت کے آغاز پر سردار لطیف کھوسہ روسٹرم پر آئے اور دلائل کا آغاز کرتے ہوئے کہا کہ یہ 2 نوٹیفکیشن ہیں جن کو ہم نے چیلنج کیا ہے، وزارت قانون وانصاف نے نگران حکومت کی منظوری سے جیل ٹرائل کا نوٹیفکیشن جاری کیا تھا

بقیہ بقیہ جات 62

اور لین کے نظم وضبط کا خیال رکھیں۔ ایمرجنسی اعداد و شمار کے مطابق ریسکیو 1122 کے صوبائی مانیٹرنگ سیل کو موصول ہونے والی ایمرجنسی کالز کے مطابق ان ٹریفک حادثات میں 642 ڈرائیوز، 38 کم عمر ڈرائیور، 381 مسافر اور 112 پیدل چلنے والے افراد متاثر ہوئے۔ اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ 220 ٹریفک حادثات کی فون کالز لاہور کنٹرول روم میں موصول ہوئیں جس میں صوبائی دارالحکومت 235 متاثرین کے ساتھ پہلے فیصل آباد 94 حادثات میں 95 متاثرین کے ساتھ دوسرے، ملتان 60 حادثات میں 59 متاثرین کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہا۔ واضح رہے کہ ان ٹریفک حادثات کے کل 1135 متاثرین میں 955 مرد اور 180 خواتین شامل ہیں جبکہ زخمی ہونیوالوں میں 145 افراد کی اوسط عمر 18 سال سے کم 653 افراد کی اوسط عمر 18 سے 40 سال کے درمیان جبکہ 337 زخمی افراد کی اوسط عمر 40 سال سے زائد ہے۔ ان ٹریفک حادثات کے بیشتر واقعات میں 900 موٹر سائیکل، 124 آٹو رکشے، 140 کاریں، 40 وین، 21 مسافر بسیں، 35 ٹرک اور 110 دوسری اقسام کی گاڑیاں شامل ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 63

جناح ہاؤس کا ٹرائل جیل میں ہوگا ہمیں وزارت داخلہ کا جیل ٹرائل کا نوٹیفکیشن موصول ہو چکا ہے۔ ملزمان کے وکلاء نے استدعا کی کہ آپ ٹرائل کو جاندار کر دالیں لیکن اب اس وقت ضمانتوں کی بات ہو رہی ہے، جس کی ضمانت میرٹ پر بنتی ہے منظور کی جائے۔ عدالت نے وکلا کو دلائل کے لیے طلب کرلیا اور سماعت 23 جنوری تک ملتوی کر دی۔

بقیہ بقیہ جات 64

صحت پنجاب کے مطابق پنجاب میں نمونیہ کے 4 ہزار 900 سے زائد مریض رپورٹ ہوئے۔ لاہور میں جنوری کے دوران نمونیہ کے 780 مریض سرکاری ہسپتالوں میں آئے، لاہور کے چلڈرن ہسپتال میں 60 سے زائد نمونیہ کا شکار بچے زیر علاج ہیں۔ محکمہ صحت پنجاب نے والدین کو بچوں کو حفاظتی ٹیکوں کا کورس مکمل کروانے اور غیر ضروری گھروں سے باہر نہ نکالنے کی ہدایت کی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 65

پی یو، ایک ہزار اہلکار ٹریننگ کالجز وسکول سے سیکیورٹی ڈیوٹی پر تعینات ہوں گے، متعلقہ یونٹس کی نفری کو الیکشن ڈیوٹی کے لئے قریبی ضلع کے اختیار میں رکھا جائے گا۔ مراسلے کے مطابق پانچوں یونٹس کے سربراہان جمعہ تک تفصیلات آئی جی آفس کو بھجوائیں گے، آئی جی پنجاب کے حکم پر اے آئی جی آپریشنز نے متعلقہ اضلاع کو مراسلہ بھجوا دیا۔

بقیہ بقیہ جات 66

درمیان ہم آہنگی سے متعلق میٹنگ کا مقصد دنیا بھر میں امن کا پیغام پہنچانا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 67

آغاز کیا ہے جو خوش آئند ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے "پاکستانی رائے دہندگان کا بدلتا منظر نامہ اور منصفانہ نمائندگی میں سیاسی جماعتوں کا کردار" کے عنوان سے پریس انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ کے زیر اہتمام سیمینارز کے تسلسل کے چوتھے سیمینار سے افتتاحی کلمات کے دوران کیا

بقیہ بقیہ جات 68

پاکستان، شام اور عراق میں ہونے والے حملوں کی امریکا شدید الفاظ میں مذمت کرتا ہے اور اس پر گہری نظر رکھے ہوئے ہے۔ واضح رہے کہ ایک روز قبل دفتر خارجہ نے بتایا تھا کہ ایران کی جانب سے بلوچستان کے علاقے میں میزائل حملہ کیا گیا ہے، پاکستان نے اس حملے کو شرانگیزی قرار دیتے ہوئے شدید احتجاج کیا اور ایران سے سفارتی تعلقات منقطع کر دیے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 69

تشدد کا نشانہ بنایا گیا۔ جنونی ہندوؤں کے تشدد میں محمد مجاہد اور محمد انصاری سمیت 3 مسلمان نوجوان جاں بحق ہو گئے جب کہ وکیل انصاری اور ان کے دوست اجیت شرما شدید زخمی ہو گئے جنہیں قریبی اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ مقامی میڈیا کے مطابق اس کار پر انتہا پسند ہندوؤں نے ایک دکان کے سامنے گاڑی کھڑی کرنے پر تلخ کلامی کے بعد حملہ کیا تھا۔ اس واقعے کی ویڈیوز سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئیں جس میں تشدد کرنے والوں کے چہرے نمایاں دکھائی دینے کے باوجود بہار پولیس کسی بھی ایک ذمہ دار کو گرفتار نہیں کر سکی۔ بھارت میں مودی سرکار کے دور اقتدار میں مشتعل ہندوؤں کے ہجوم کے ہاتھوں اقلیتوں کا قتل معمول بن گیا ہے، جس پر عالمی اداروں اور انسانی حقوق کی تنظیموں نے شدید احتجاج بھی کیا۔

ADVERTISEMENT FOR THE REGISTRATION OF COPYRIGHT

(Under sub-section (2) of Section 39 of the Copyright Ordinance, 1962)



General Public and all concerned persons are hereby informed that our client **Asian Food Industries Limited** (a company organized and existing under the laws of Pakistan) **Address:**46-49, Industrial Zone, Gurumangat, Gulberg-III, Lahore, Pakistan has applied for registration of given Artistic Work (**Label Design**) entitled "**Cremo**" in the Central Copyright Office, Government of Pakistan, Karachi on 30-Oct-2023.

Any person /authority having an objection, whatsoever, should file objection in writing if any, within one month of publication of this advertisement to the registrar of Copyrights, Central Copyright Office, Plot # ST 1&2, New Broad Casting House (Ground Floor), Behind KDA Civic Center, Block-14, Gulshan-e-Iqbal Karachi.

EXEM
Legal Solutions
The Right Team For Your Rights!

Trademark, Patent, Design, Copyright and Allied
Intellectual Property Laws Consultants and Advisors
Postal & Visiting Address: 121, Block B, Gulberg 2, Lahore 54000 Pakistan
Ph: 042-35764141-52-53
Email: info@exemlegalsolutions.com/exemlegalsolutions@gmail.com
Web: https://www.exemlegalsolutions.com

ADVERTISEMENT FOR THE REGISTRATION OF COPYRIGHT

(Under sub-section (2) of Section 39 of the Copyright Ordinance, 1962)



General Public and all concerned persons are hereby informed that our client **Asian Food Industries Limited** (a company organized and existing under the laws of Pakistan) **Address:**46-49, Industrial Zone, Gurumangat, Gulberg-III, Lahore, Pakistan has applied for registration of given Artistic Work (**Label Design**) entitled "**Creamers**" in the Central Copyright Office, Government of Pakistan, Karachi on 30-Oct-2023.

Any person /authority having an objection, whatsoever, should file objection in writing if any, within one month of publication of this advertisement to the registrar of Copyrights, Central Copyright Office, Plot # ST 1&2, New Broad Casting House (Ground Floor), Behind KDA Civic Center, Block-14, Gulshan-e-Iqbal Karachi.

EXEM
Legal Solutions
The Right Team For Your Rights!

Trademark, Patent, Design, Copyright and Allied
Intellectual Property Laws Consultants and Advisors
Postal & Visiting Address: 121, Block B, Gulberg 2, Lahore 54000 Pakistan
Ph: 042-35764141-52-53
Email: info@exemlegalsolutions.com/exemlegalsolutions@gmail.com
Web: https://www.exemlegalsolutions.com

پاک فوج دنیا کی طاقتور ترین افواج میں شامل عالمی فہرست جاری

دنیا کی طاقت ورترین 145 ممالک کی افواج کی فہرست جاری کردی گئی جس میں اولین دس افواج میں پاکستان بھی شامل ہے

اٹلی دسویں نمبر پر ہے، گلوبل فائر پاور کے مطابق کمزور ترین افواج میں بھوٹان، ملڈووا اور سرینیم شامل ہیں

واشنگٹن (ویب ڈیسک) دنیا کی طاقت ورترین 145 ممالک کی افواج کی فہرست جاری کردی گئی جس میں اولین دس افواج میں پاکستان بھی شامل ہے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق عالمی شہرت یافتہ ویب سائٹ گلوبل فائر پاور دنیا کی طاقت ورترین افواج کی فہرست جاری کرتی ہے۔ یہ فہرست مذکورہ ملک کے 60 عناصر کو مدنظر رکھتے ہوئے بنائی جاتی ہے۔ ان عناصر میں جغرافیائی اہمیت، ملٹری یونٹس کی تعداد اور معاشی حالات بھی شامل (بقیہ نمبر 35)

حیدرآباد: سندھ زرعی یونیورسٹی ٹنڈوجام میں 12 واں کانوکیشن میں طالبات شریک ہیں

بزنس فسلیٹیشن سینٹرز نے سرمایہ میں جدت پیدا کردی، احسان بھٹہ

غیر ملکی سرمایہ کاروں کو 10 دن میں این او سی مل رہا ہے، سیکرٹری صنعت وتجارت

لاہور (این این آئی) سیکرٹری صنعت وتجارت احسان بھٹہ کی زیر صدارت سول سیکرٹریٹ میں سرمایہ کاری کے فروغ کے حوالے سے نئے بھرتی کئے جانے والے سرمایہ کاری افسران کا اجلاس منعقد ہوا جس میں سیکرٹری ایگری کلچر نادر چھٹہ، پی آئی ٹی بی، پی بی آئی ٹی، ٹورازم سمیت دیگر متعلقہ اداروں کے افسران نے شرکت کی، اسکیرٹری انڈسٹریز احسان بھٹہ نے اجلاس سے خطاب کرتے (بقیہ نمبر 36)

بلاول بھٹو وزیراعظم بن کر ملک کا تشخص بحال کرائیں گے، ناصر شاہ

پیپلز پارٹی آٹھ فروری کو ملک میں سرپرائز دے گی، وفاق میں حکومت بنائیں گے بجلی، گیس کی قیمتیں کم کریں گے

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما سید ناصر حسین شاہ نے کہا ہے کہ بلاول بھٹو وزیر اعظم بن کر ملک کا تشخص بحال کرائیں گے۔ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے سید ناصر حسین شاہ نے کہا کہ پیپلز پارٹی آٹھ فروری کو ملک میں سرپرائز دے گی، وفاق میں حکومت بنائیں گے بجلی، گیس کی قیمتیں کم کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں تمام طبقہ فکر کے لوگوں کو علاج معالجے کی (بقیہ نمبر 37)

دنیا کی طاقتور ترین 10 کرنسیوں کی فہرست جاری

امریکی ڈالر کو طاقتور ترین کرنسیوں کی فہرست میں 10 واں نمبر مل گیا

لاہور (این این آئی) معروف جریدے فوربز نے دنیا بھر میں استعمال ہونے والی 10 طاقتور ترین کرنسیوں کی فہرست جاری کردی۔ امریکی ڈالر دنیا بھر میں استعمال ہونے والی نمایاں ترین کرنسی ہے لیکن فوربز نے اپنی حالیہ رینکنگ میں امریکی ڈالر کو طاقتور ترین کرنسیوں کی فہرست میں 10 واں نمبر دیا ہے۔ فوربز نے لکھا ہے کہ گو کہ اقوام متحدہ میں 180 کرنسیوں کو قانونی حیثیت (بقیہ نمبر 38)

لیسکو نے 24 گھنٹوں کے دوران

مزید 1 کروڑ 10 لاکھ روپے کی ریکوری کرلی

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی کی جانب سے نادہندگان کے خلاف جاری مہم میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مزید 1 کروڑ 10 لاکھ روپے کی ریکوری کرلی۔ نادرن سرکل میں چیف انجینئر اوانڈ ایم (ٹی اینڈ جی) ظفر اقبال نے تحصیلدار سٹی مجاہد ضیاء اور تحصیلدار شالیمار نوریز ہمایوں کی معاونت سے نادرن سرکل میں 52 نادہندگان سے 0.89 ملین اور ایسٹرن سرکل میں 71 نادہندگان سے 2.61 ملین کی ریکوری کی۔ دوسری جانب منیجر میٹریل ڈسپوزل (بقیہ نمبر 47)

پروازوں میں تاخیر اور مسافروں کے حقوق کی

خلاف ورزی پر 2 ایئرلائنز کو شوکاز نوٹس جاری

اسلام آباد (این این آئی) پروازوں میں تاخیر اور مسافروں کے حقوق کی خلاف ورزی پر 2 نجی ایئر لائنز کو شوکاز نوٹس جاری کردیے گئے۔ پاکستان سول ایوی ایشن اتھارٹی نے سیرین ایئر اور ایئر بلیو کو شوکاز نوٹس جاری کیے ہیں۔ ترجمان سول ایوی ایشن کے مطابق پروازوں میں طویل تاخیر اور متعدد منسوخیوں نے بڑی تعداد میں مسافروں کو متاثر کیا ہے۔ سیرین ایئر اور ایئر بلیو کو بالترتیب 2 جنوری اور 15 جنوری کو نوٹس جاری ہوئے۔ ایئر بلیو اور سیرین ایئر اپنے اپنے فلائٹ آپریشنز بروقت اور باقاعدگی (بقیہ نمبر 46)

گجرات، پی ٹی آئی

کے 25 کارکن گرفتار

گجرات (این این آئی) گجرات میں پولیس نے پاکستان تحریک انصاف سے تعلق رکھنے والے آزاد امیدوار کے ڈیرے پر چھاپا مار کر 25 کارکنوں کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق تمام افراد کے خلاف سڑک بلاک کرکے نعرے لگانے کے الزام میں مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق بھمبر روڈ پر چوہدری مدثر رضا مچھیانہ کے ڈیرے پر چھاپا مارا گیا، تمام افراد روڈ بلاک کرکے نعرے بازی کررہے تھے۔

امیر جماعت اسلامی سراج الحق جلسہ سے خطاب کررہے ہیں

ظالم جاگیرداروں کی وجہ سے بلوچستان میں احساس محرومیاں بڑھ رہی ہیں سراج الحق

بلاول بھٹو صرف تیر اور شیر کے جعلی مقابلے کی بات کررہے ہیں، جماعت اسلامی کمزور اور مزدوروں کی اصل جماعت ہے

ہم نے جعفر آباد میں سیلاب متاثرین کی امداد کے لئے مثالی کام کئے، ایک ارب روپے کی لاگت سے ہسپتال بنایا

جعفر آباد (نامہ نگار) امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے کہا کہ ظالم جاگیرداروں کی وجہ سے بلوچستان میں احساس محرومیاں بڑھ رہی ہیں۔ امیر جماعت اسلامی سراج نے جعفر آباد میں منعقدہ جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلاول بھٹو صرف تیر اور شیر کے جعلی مقابلے کی بات کررہے ہیں، جماعت اسلامی کمزور اور مزدوروں کی اصل جماعت ہے۔ سراج الحق نے کہا کہ ہم نے جعفر آباد میں سیلاب متاثرین کی امداد کے لئے مثالی کام کئے، ایک (بقیہ نمبر 45)

ایف آئی اے کی کارروائی،

ویزا فراڈ میں ملوث ملزم گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) نے کارروائی کرتے ہوئے 37 شہریوں سے عمرے کے نام پر فراڈ کرنے والے ملزم کو گرفتار کرلیا۔ ایف آئی اے کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ کارروائی گولڑہ موڑ اسلام آباد میں کی گئی۔ ترجمان ایف آئی اے نے کہا کہ آپریشن میں ویزا فراڈ کے گھناؤنے جرم میں ملوث بدنام زمانہ ملزم کو گرفتار کیا گیا ہے، ملزم نے شہریوں کے ساتھ عمرے کے نام پر فراڈ کیا۔ ایف آئی اے نے کہا کہ ملزم امجد حسین کو گولڑہ موڑ اسلام آباد سے گرفتار (بقیہ نمبر 44)

لاہور سے اغواء ہونے والی 5 سالہ بچی

گوجرانوالہ سے بازیاب، ملزم گرفتار

لاہور (این این آئی) لاہور کے علاقہ نواں کوٹ سے اغواء ہونے والی 5 سالہ بچی کو گوجرانوالہ سے بازیاب کروالیا گیا۔ ایس ایس پی آپریشن سید علی رضا نے بتایا کہ آرزو ساجد گھر کے باہر دوکان سے بسکٹ لینے کے لیے گئی تھی جسے نامعلوم ملزم اغوا کرکے گوجرانوالہ لے گیا تھا۔ ملزم کی گرفتاری کے لیے گوجرانوالہ ریڈ کیے گئے، بچی آرزو کو لاہور پولیس، سی آئی اے اور انوسٹی گیشن پولیس نے بازیاب کروایا۔ سید علی رضا نے بتایا کہ نواں کوٹ سے بچی کو اغوا کرنے والا ملزم بھکاری ہے، ملزم عبدالحمید (بقیہ نمبر 43)

شیعہ پولیٹیکل پارٹی کا انتخابات

میں پیپلز پارٹی کی حمایت کا اعلان

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی لاہور کے صدر چودھری اسلم گل نے کہا ہے کہ این اے 127 میں بلاول بھٹو کی بھرپور انتخابی مہم چل رہی ہے، پورے حلقے سے لوگ جوق در جوق حمایت میں آرہے ہیں۔ وہ پیپلز سیکرٹریٹ لاہور میں ذوالفقار علی بدر اور شیعہ پولیٹیکل پارٹی کے سربراہ نوبہار شاہ کیساتھ پریس کانفرنس سے خطاب کررہے تھے۔ اس موقع پر میاں ایوب، بشریٰ ملک، بھی موجود (بقیہ نمبر 42)

لاہور: سابق گورنر پنجاب چوہدری محمد سرور میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں

ایران کی جانب سے پاکستان پر حملہ افسوسناک ہے، قاری اعظم حسین

ایران کو پاکستان کے سامنے اپنی پوزیشن واضح کرکے آئندہ ایسے اقدامات سے باز آنا چاہئے

لاہور (این این آئی) جمعیت علما اسلام (س) لاہور کے امیر مولانا قاری اعظم حسین نے ایران کی جانب سے بلوچستان کے علاقہ پنجگور میں میزائل حملے کو نہایت افسوسناک وتشویشناک قرار دیتے ہوئے اس اقدام کی شدید مذمت کرتے ہوئے ایرانی حکومت کو پاکستان کے سامنے اپنی پوزیشن واضح کرکے آئندہ ایسے اقدامات سے باز آنا چاہئے یہ ناروا میزائل حملہ نہ صرف داخلی خود (بقیہ نمبر 39)

سندھ پولیس کے زیرتربیت ڈی ایس پیز کا سنٹرل پولیس آفس کا دورہ

ڈی آئی جی لاجسٹکس اطہر اسماعیل کی ملاقات، ورکنگ، پیشہ ورانہ امور بارے آگاہی

لاہور (این این آئی) سندھ پولیس کے زیر تربیت ڈی ایس پیز نے سنٹرل پولیس آفس کا دورہ کیا، ڈی آئی جی لاجسٹکس اطہر اسماعیل نے زیرتربیت افسران سے ملاقات کی۔ زیرتربیت افسران کو لاجسٹکس اینڈ پروکیورمنٹ برانچ کی ورکنگ اور پیشہ ورانہ امور بارے آگاہی کی۔ ڈی آئی جی لاجسٹکس نے کہا کہ پنجاب پولیس کی پروکیورمنٹ برانچ یونیفارم، ٹرانسپورٹ، فرنیچر، سٹیشنری (بقیہ نمبر 40)

الیکشن کے بعد ن لیگ سے مل کر حکومت بنا سکتے ہیں، خورشید شاہ

پی ٹی آئی نے عدالت میں اپنا کیس درست طریقے سے نہیں لڑا، رہنما پیپلز پارٹی

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما خورشید احمد شاہ نے کہا ہے کہ الیکشن کے بعد ن لیگ سے مل کر حکومت بنا سکتے ہیں، ویسے تو بلا بلا ہی ہوتا ہے مگر سندھی میں ہم بلا بڑے سے اژدھا کو کہتے ہیں اور سیاست سے بلا نکلتے ہی ن لیگ میدان میں آگئی، پی ٹی آئی نے عدالت میں اپنا کیس درست طریقے سے نہیں لڑا۔ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے سابق اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی خورشید شاہ نے (بقیہ نمبر 41)

لاہور: چیئرپرسن چائلڈ پروٹیکشن بیورو سارہ احمد کا سرچ فار جسٹس این جی او کی جانب سے منعقدہ ورکشاپ میں شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

گزشتہ روز جماعت اسلامی سٹی سرگودھا کی ایگزیکٹو کونسل کا اجلاس امیر

جماعت اسلامی سٹی سرگودھا اختر رسول چوہدری کی زیرصدارت منعقد ہوا

اجلاس ایگزیکٹو کونسل

سرگودھا (رانا اسلم شاہین سے) گزشتہ روز جماعت اسلامی سٹی سرگودھا کی ایگزیکٹو کونسل کا اجلاس امیر جماعت اسلامی سٹی سرگودھا اختر رسول چوہدری کی زیرصدارت منعقد ہوا جس میں 8 فروری کے الیکشن کی تیاریاں اور پلاننگ کی گئی ایگزیکٹو کونسل اجلاس میں امیدوار پی پی 75 چوہدری اسامہ اعجاز امیدوار پی پی 76 ڈاکٹر ملک ناصر اسلم ماہل امیدوار این اے 84 عامر محمود چیمہ صاحب نے اپنے خطاب میں کامیاب الیکشن کمپین کرنے پر ارکان جماعت اسلامی، کارکنان جماعت اسلامی اور یوتھ ونگ کی ٹیم کا شکریہ ادا کیا اجلاس میں نائب امیر جماعت اسلامی سٹی صدر سیاسی کمیٹی ڈاکٹر ارشد شاہد نائب امیر جماعت اسلامی ضلع سرگودھا میاں انعام الحق قیصر راہنما جماعت اسلامی سٹی چوہدری لیاقت وڑائچ امیر جماعت اسلامی سرکل 1 چوہدری اصغر تھتھال امیر جماعت اسلامی سرکل 2 ڈاکٹر طاہر فاروق، قائم مقام امیر سرکل 3، جماعت کلیم احمد سلیم امیر جماعت اسلامی سرکل 4 ساجد محمود بٹ اور مقامی جماعتوں یوسی سطح کے ذمہ داران نے خصوصی شرکت کی اجلاس میں سرکل سطح پر اور ہر یوسی سطح پر بھرپور کارنر میٹنگز کرنے کی پلاننگ کی گئی ہر سال کی طرح اس بار بھی 5 فروری کو کشمیری بھائیوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لئے بھرپور ریلی نکالی جائے گی اور سٹی سرگودھا میں ایک بڑے جلسے کا انعقاد کیا جائے گا امیدواروں کی کمپین گھر گھر جا کر دینے کی ارکان جماعت اسلامی کی ذمداری لگائی گئی

نگران وفاقی وزیر برائے ثقافت جمال شاہ نے سرگودھا آرٹس کونسل

میں دوروزہ نارنگی میلہ (نیشنل سٹرس فیسٹیول) کا افتتاح کردیا

سرگودھا (رانا اسلم شاہین سے) نگران وفاقی وزیر برائے ثقافت جمال شاہ نے سرگودھا آرٹس کونسل میں دو روزہ نارنگی میلہ) نیشنل سٹرس فیسٹیول (کا افتتاح کر دیا۔ نگران وفاقی وزیر نے سیکرٹری قومی ورثہ و ثقافت حمیرا احمد، ڈائریکٹر جنرل پاکستان نیشنل کونسل آف آرٹس ایوب جمالی، ایگزیکٹو ڈائریکٹر لوک ورثہ عزیز خان، چیئرمین پاکستان اکیڈمی آف لیٹرز ڈاکٹر نجیبہ عارف، کمشنر سرگودھا محمد اجمل بھٹی کے ہمراہ سرگودھا آرٹس کونسل میں دوروزہ نارنگی میلہ کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر ریجنل پولیس آفیسر شارق کمال صدیقی، ڈپٹی کمشنر کیپٹن) ر (شعیب علی، اور سفارت کار بھی موجود تھے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے نگران وفاقی وزیر برائے ثقافت جمال شاہ نے کہا کہ نیشنل ہیریٹیج اینڈ کلچر ڈویژن نے حکومت پنجاب کے تعاون سے 18 اور 19 جنوری 2024 کو 2 روزہ نیشنل سٹرس فیسٹیول کا انعقاد کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ میلہ نہ صرف کینو کی اقتصادی اور زرعی اہمیت کو ظاہر کرنے بلکہ سماجی ہم آہنگی اور قومی شناخت کے مضبوط احساس کو فروغ دینے کے لیے بھی تیار کیا جائے گا۔ جمال شاہ نے کہا کہ نارنگی میلہ کا مقصد پاکستان بھر سے آنے والوں کو اپنی طرف متوجہ کرنا اور مشترکہ ثقافتی تجربات کے ذریعے قومی یکجہتی کو فروغ دینا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ میلہ کاروباری افراد، کسانوں اور کاریگروں کو کینو سے متعلقہ مصنوعات کی نمائش اور فروخت کے لیے ایک قومی پلیٹ فارم مہیا کرنا اور معاشی وقومی ترقی کو فروغ دینا ہے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انکا مزید کہنا تھا کہ اس طرح کے پروگرام سماجی طور پر ہم آہنگ معاشرے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سیکرٹری قومی ورثہ و ثقافت حمیرا احمد نے کہا کہ اس میلے کا مقصد کینو کی کاشتکاری کی تکنیکوں، غذائی فوائد اور پائیدار زرعی طریقوں کے بارے میں عوام کو آگاہی دینے کے لیے ورکشاپس، سیمینارز کا انعقاد کرنا ہے کمشنر سرگودھا ڈویژن محمد اجمل بھٹی نے خطبہ استقبالیہ میں سرگودھا میں سٹرس فیسٹیول کے انعقاد پر قومی ورثہ اور ثقافت ڈویژن کی تعریف کی۔ انہوں نے کہا کہ سرگودھا کینو کی پیداوار کرنے والا ایک بڑا شہر ہے، یہاں کے موزوں موسمی حالات کی بدولت بہترین معیار کی کینو اگائے جاتے ہیں۔ میلہ میں مختلف قسم کے سٹالز جن میں پی این سی اے تھیٹر، نیشنل پرفارمنگ آرٹس گروپ، لوک ورثہ فضل جٹ اور اویس نیازی نے پرفارم کیا اور حاضرین سے خوب داد وصول کی۔

چین اور پاکستان کے درمیان لائیوسٹاک بارے کاروباری

روابط خوش آئندہ ہیں: سیکرٹری لائیوسٹاک پنجاب

لاہور 18 جنوری 2024: محکمہ لائیوسٹاک میں چینی وفد اور مقامی انڈسٹری کے لوگوں کے درمیان بی ٹو بی کاروباری روابط بارے اجلاس کا انعقاد ہوا۔ اجلاس کی صدارت سیکرٹری لائیوسٹاک محمد مسعود انور نے کی۔ اجلاس میں پولٹری سیکٹر اور فارماسوٹیکل انڈسٹریز کے نمائندگان کی بھی شرکت۔ اجلاس کا مقصد ویکسین پروڈکشن، پولٹری گرینڈ پیرنٹ اور پولٹری فیڈ پروڈکشن بارے دونوں ممالک میں تعاون کو فروغ دینا ہے۔ دورہ کے دوران چینی وفد نے چائنیز لیئر اور برائلر بریڈ پر بریفنگ دی۔ اس موقع پر سیکرٹری لائیوسٹاک محمد مسعود انور کا کہنا تھا کہ چائنہ سے پولٹری کی گرینڈ پیرنٹ درآمد سے پاکستان میں پولٹری کی قیمت کو کم کرنے میں مدد ملے گی۔ چینی وفد کے نمائندگان کا اس موقع پر کہنا تھا کہ چینی کمپنیاں پاکستان کو پولٹری کا گرینڈ پیرنٹ تجرباتی بنیادوں پر دینے کو تیار ہیں۔ سیکرٹری لائیوسٹاک کا مزید کہنا تھا کہ کاروباری روابط میں فروغ کے لیے پولٹری اور لائیوسٹاک سے متعلقہ کاروباری حضرات کو چین کا دورہ کرنا چاہیے۔ اُن کا مزید کہنا تھا کہ چینی کمپنیوں کو پاکستان میں سرمایہ کاری کیلئے ہر ممکن تعاون فراہم کریں گے۔ سیکرٹری لائیوسٹاک نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور چین کی دوستی 75 سال کے دوران انتہائی گہری ہوچکی ہے اور دونوں ممالک کے درمیان کاروباری روابط خوش آئند ہیں اور مقامی کاروباری حضرات نے چینی کمپنیوں سے کاروبار کرنے میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔ وفد نے یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز پتوکی کیمپس کا بھی دورہ کیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری (ایڈمن)، ڈائریکٹر جنرل (ریسرچ) اور ڈائریکٹرز نے شرکت کی۔

تھانہ بٹالہ کالونی کے علاقہ میں جواء سٹے بازی سرعام

عیدو اور زاہد پپو جواء کنگ بن گئے

فیصل آباد (شفاقت راجپوت) فیصل آباد میں تھانہ بٹالہ کالونی کے علاقہ میں جواء سٹے بازی سرعام تھانہ بٹالہ کالونی کی حدود میں عیدو اور زاہد عرف پپو نامی شخص نے وارث پورہ اقبال نگر گلی نمبر 1 جواء سرعام ہونے لگا پولیس ان کے ساتھ ساز باز ہے اگر کوئی 15 پر کال کرتا ہے تو تھانہ بٹالہ کالونی کے وائرلیس آپریٹرز جو کی ان سے ماہانہ بھاری رشوت لیتے ہیں وہ ان جواء مافیا کو پہلے ہی اطلاع کر دیتے ہیں جس سے موقع پر پولیس موبائل جاتا ہے تو وہاں کوئی جواء کا نام ونشان موجود نہیں ہوتا اور یہ لوگ تالے لگا کر بھاگ جاتے ہیں زاہد عرف پپو کا کہنا کہ میں DSP/SHO حتہ کہ SP تک کے گھروں کے شاہی خرچے اٹھاتا ہوا میں جواء کی دُنیا کا بے تاج بادشاہ ہو اس لیے میرا کوئی کچھ نہیں بگاڑ سکتا جو میں ان کے شاہی خرچے کرتا ہوا اُن کی وجہ سے پولیس مجھ پر FIR دینے سے قاصر ہے اس طرح ان کا کام عروج پر ہورہا ہے اور غریب لوگ اپنے مال کو لاٹ کر گھر چلے جاتے ہیں عوامی وسماجی حلقوں کو کہنا ہے کہ ارباب اختیار نوٹس لیں اور ان کو خفیہ انکوائری کروائی جائے اور ان کے خلاف اِس گندے کام کر بند کروا کر علاقہ کو جرائم سے پاک کیا جائے (مزید انکشافات اگلے شمارا میں تصاویر کے ساتھ۔

سب سے پہلے مقتدر حلقوں کی طرف سے پی ٹی آئی کو ہماری

جماعت پاکستان پیپلز پارٹی شہید بھٹو کی طرح کرش کرنے کے عمل

کی میں شدید الفاظ میں مذمت کرتا ہوں، چوہدری ریاض احمد جٹو

جڑانوالہ (تحصیل رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی (شہید بھٹو) کے امیدوار NA-96 چوہدری ریاض احمد جٹو نے اپنے ایک اخباری بیان میں کہا ہے کہ سب سے پہلے مقتدر حلقوں کی طرف سے پی ٹی آئی کو ہماری جماعت پاکستان پیپلز پارٹی شہید بھٹو کی طرح کرش کرنے کے عمل کی میں شدید الفاظ میں مذمت کرتا ہوں۔ موجودہ الیکشنز میں بیلٹ پیپرز سے پی ٹی آئی کا نشان مٹا دیا گیا ہے اب پی ٹی آئی کا نام الیکشن کمیشن کی ویب سائٹ سے مٹانے کی خاطر پی ٹی آئی کے کامیاب امیدواران کو کامیابی کے بعد تین دنوں کے اندر اندر کسی اور پارٹی کو جوائن کرنے پر مجبور کیا جائے گا۔ ایسی صورت حال سے مستفید ہونے کے لیے ایک طرف بلے باز پچ پر موجود ہے تو دوسری طرف چلے والا بابا قلم دوات کے ورد کا چلہ کاٹ کر اپنی فیضیابی کے لیے دعا گو ہے۔ پی ٹی آئی کے پلان اے بی کے فلاپ ہونے کے بعد پلان سی ڈی ای ایف تک پہنچتے نظر آ رہے ہیں۔ اگر عمران خان صاحب کیپٹل ازم اور فیوڈل ازم کی سیاست کو خیر باد کہتے ہوئے سوشل ازم کے تحت ملک میں مثبت اور تعمیری سیاسی وسماجی، اخلاقی اور معاشی انقلاب کے واقعی خواہشمند ہیں تو میں انکو اپنی طرف سے بنائے گئے پلان اے پلس پر مذاکرات کی دعوت دیتا ہوں۔

امریکا میں خون جما دینے والی سردی، ہلاکتیں 40 ہوگئیں

سب سے زیادہ ہلاکتیں ریاست ٹینیسی میں ہوئیں، امریکی میڈیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکا میں ایک ہفتے سے سردی نے 9 ریاستوں میں ڈیرے ڈال رکھے ہیں جس کے دوران ہونے والی ہلاکتوں کی تعداد 40 تک جا پہنچی۔ امریکی نشریاتی ادارے کے مطابق امریکا کی 9 ریاستوں آرکنساس، الینوائے، کنساس، مسیسیپی، نیویارک، اوریگون، پنسلوانیا، ٹینیسی اور وسکونسن میں برفانی طوفان، برفباری اور سخت سردی نے بڑے پیمانے پر تباہی مچادی۔ سب سے زیادہ ہلاکتیں ریاست ٹینیسی میں ہوئیں جہاں 14 افراد ہلاک ہوگئے۔ سڑکوں پر کئی کئی فٹ برف جم گئی اور ٹریفک کا نظام درہم برہم ہوکر رہ گیا۔ پھسلن کے باعث گاڑیاں آپس میں ٹکرا گئیں (بقیہ نمبر 56)

لاہور: سیکرٹری صنعت وتجارت احسان بھٹہ کا سرمایہ کاری افسران کے ساتھ ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

پنجاب بھر میں 1082 ٹریفک حادثات

، 11 افراد جاں بحق، 1124 زخمی ہوئے

لاہور (این این آئی) ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ نے گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1082 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا جن میں 493 افراد شدید زخمی ہوگئے جنہیں فوری طور پر نزدیکی ضلعی وتحصیل کے ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔ 631 معمولی زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل ٹیموں کے جائے حادثہ پر بروقت طبی امداد فراہم کرنے کی وجہ سے ہسپتالوں پر بوجھ بھی کم ہوا۔ ان حادثات میں زیادہ تر تعداد (70 فیصد) موٹر سائیکلز حادثات کی ہے اس لیے وقت کی ضرورت ہے کہ روڈ ٹریفک حادثات کی بڑھتی ہوئی شرح کو کم کرنے کے لیے ٹریفک قوانین پر سختی سے عمل کرتے ہوئے لائن (بقیہ نمبر 62)

اسلام آباد ہائیکورٹ، توشہ خانہ، القادر ٹرسٹ

کیس میں جیل ٹرائل کیخلاف فیصلہ محفوظ

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ میں توشہ خانہ اور القادر ٹرسٹ کیس میں جیل ٹرائل کے خلاف سابق وزیراعظم اور بانی پاکستان تحریک انصاف عمران خان کی اپیلوں پر فیصلہ محفوظ کرلیا۔ توشہ خانہ اور القادر ٹرسٹ کیس میں جیل ٹرائل کے خلاف عمران خان کی اپیل پر اسلام آباد ہائی کورٹ کے جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب اور جسٹس ارباب محمد طاہر نے سماعت کی۔ عمران خان اور ان کی اہلیہ (بقیہ نمبر 61)

گلگت بلتستان، پولیس ہیڈکوارٹرز کے قریب

دہشت گردی کی کوشش ناکام بنادی گئی

گلگت (این این آئی) گلگت بلتستان میں پولیس ہیڈکوارٹرز کے قریب دہشت گردی کی کوشش ناکام بنادی گئی۔ گلگت بلتستان پولیس نے بتایا کہ سینٹرل پولیس آفس کے قریب نصب بم کو ناکارہ بنادیا گیا ہے جبکہ متعلقہ سڑک کو ٹریفک کے لیے بند کر دیا گیا ہے۔ پولیس نے بتایا کہ ریموٹ کنٹرول بم پل کے نیچے لوہے کے پائپ میں نصب کیا گیا تھا، بم کو پل کے چوکیدار نے مشکوک پارسل سمجھ کر سڑک پر رکھ دیا تھا۔ پولیس نے بتایا کہ نصب (بقیہ نمبر 60)

جناح ہاؤس لاہور حملہ کیس کے جیل ٹرائل کا فیصلہ

ٹرائل جیل میں ہوگا وزارت داخلہ کا نوٹیفکیشن مل چکا، سرکاری وکیل

لاہور (این این آئی) وزارت داخلہ نے جناح ہاؤس لاہور حملہ کیس کے جیل ٹرائل کا فیصلہ کیا ہے۔ انسداد دہشت گردی عدالت لاہور میں محمد منیب سمیت سو سے زائد ملزمان کی ضمانتوں پر سماعت ہوئی۔ سرکاری وکیل نے بتایا کہ جناح ہاؤس کے مقدمے کا چالان جمع ہوچکا ہے، (بقیہ نمبر 63)

24 گھنٹے کے دوران صوبے میں نمونیہ سے 6 بچوں کی اموات

لاہور میں نمونیہ سے ایک بچے کی موت رپورٹ ہوئی، محکمہ صحت

لاہور (این این آئی) گزشتہ چوبیس گھنٹے کے دوران پنجاب بھر میں نمونیہ سے 6 بچوں کی اموات رپوٹ ہوئی۔ محکمہ صحت پنجاب کے مطابق پنجاب میں نمونیہ کے 140 کیسز سامنے آئے جن میں 60 صرف لاہور سے رپورٹ ہوئے، جن میں سے ایک بچے کی موت ہوئی۔ محکمہ (بقیہ نمبر 64)

حیدرآباد: پیپلز پارٹی پی ایس 64 کے امیدوار عاجز دھامرا پریس کلب میں پریس کانفرنس کررہے ہیں

عام انتخابات کیلئے پولیس کا سکیورٹی پلان تشکیل، مراسلہ جاری

پنجاب پولیس کو ایک لاکھ 30 ہزار کی یونیفارم نفری الیکشن ڈیوٹی کے لئے درکار ہے

23 ہزار کی اضافی نفری پولیس ٹریننگ سکولز و کالجز، ٹریفک، ایس پی یو سے لی جائے گی، مراسلہ

لاہور (این این آئی) پولیس کی جانب سے عام انتخابات 2024 کی سکیورٹی کو حتمی شکل دے دی گئی جس کا مراسلہ بھی جاری کر دیا گیا ہے۔ مراسلے کے مطابق پنجاب پولیس کو ایک لاکھ 30 ہزار کی یونیفارم نفری الیکشن ڈیوٹی کے لئے درکار ہے، ضلعی پولیس اور ریزرو فورس کے باوجود 23 ہزار کی نفری کی کمی کا سامنا ہے، 23 ہزار کی اضافی نفری پولیس ٹریننگ سکولز و کالجز، ٹریفک، ایس پی یو سے لی جائے گی۔ مراسلے میں کہا گیا ہے کہ اتھارٹی کی منظوری سے متعلقہ یونٹس سے 23 ہزار نفری کی تقسیم کردی گئی ہے، 9 ہزار پی ایچ پی، 6 ہزار پنجاب کانسٹیبلری، 4 ہزار ٹریفک پولیس کے اہلکار ہوں گے، 3 ہزار ایس (بقیہ نمبر 65)

لاہور: جامعہ نعیمیہ کے ناظم اعلیٰ علامہ ڈاکٹر راغب حسین نعیمی سالانہ محفل حسن قرات سے خطاب کررہے ہیں

مذاہب کے درمیان ہم آہنگی کا فروغ ہماری ترجیح ہے مشعال ملک

اقلیتی برادری کی عبادت گاہوں کو ان کی اصل حالت میں بحال کریں گے، اقلیتی برادری کے نوجوانوں کو سکالرشپس دیئے جائیں گے

اقلیتی برادری نے ملک وقوم کے لئے بڑھ چڑھ کر قربانیاں دی ہیں، نگران وزیراعظم کی معاون خصوصی مشعال ملک

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) نگران وزیراعظم کی معاون خصوصی مشعال ملک نے کہا کہ مذاہب کے درمیان ہم آہنگی کا فروغ ہماری ترجیح ہے۔ نگران وزیراعظم کی معاون خصوصی مشعال ملک نے کہا کہ اقلیتی برادری کی عبادت گاہوں کو ان کی اصل حالت میں بحال کریں گے، اقلیتی برادری کے نوجوانوں کو سکالرشپس دیئے جائیں گے، اقلیتی برادری نے ملک وقوم کے لئے بڑھ چڑھ کر قربانیاں دی ہیں۔ مشعال ملک نے کہا کہ مذاہب کے (بقیہ نمبر 66)

ملک کو معیشت سمیت مختلف چیلنجز درپیش ہیں، سیکرٹری اطلاعات

امید ہے سیاسی جماعتیں مسائل کا ادراک کرتے ہوئے چیلنجز کے حل کو انتخابی منشور کا حصہ بنائیگی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی سیکرٹری اطلاعات ونشریات شاہیرہ شاہد نے کہا ہے کہ ملک کو معیشت سمیت مختلف چیلنجز درپیش ہیں، امید کرتے ہیں کہ سیاسی جماعتیں ان مسائل کا ادراک کرتے ہوئے ان چیلنجز کے حل کو اپنے منشور کا حصہ بنائیں گی، پریس انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ (پی آئی ڈی) نے چیلنجز پر قابو پانے اور ملکی صورتحال کو بہتر بنانے کی مثبت تجاویز تلاش کرنے کے لئے ایک بحث کا (بقیہ نمبر 67)

کراچی: آئی جی سندھ رفعت مختار راجہ اعلیٰ سطح اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

امریکا کی پاکستان پر ایران کی جانب سے حملے کی مذمت

امریکا پاکستان ایران سرحدی کشیدگی پر نظر رکھے ہوئے ہے، ترجمان محکمہ خارجہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکا نے ایران کی جانب سے پاکستان پر کیے جانے والے میزائل حملوں کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ بین الاقوامی میڈیا رپورٹ کے مطابق امریکی محکمہ خارجہ کے ترجمان میتھیو ملر نے بدھ کے روزنامہ نگاروں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایران نے چندروز کے اندر تین ہمسایہ خودمختار ممالک کی سرحدوں کی خلاف ورزی کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایران کی جانب سے (بقیہ نمبر 68)

عدت میں نکاح کیس، بانی پی ٹی آئی کی

فائل چیف جسٹس عامر فاروق کو منتقل

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ کے جسٹس طارق محمود جہانگیری نے بشریٰ بی بی سے عدت میں نکاح کے کیس میں بانی پی ٹی آئی کی درخواست کی فائل چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ کو بھجوادی اور کہا ہے کہ اس نوعیت کا ایک کیس پہلے ہی چیف جسٹس اسلام آباد کی عدالت میں ہے۔ بانی پی ٹی آئی کی جانب سے درخواست میں موقف اپنایا گیا کہ ٹرائل کورٹ میں 25 نومبر سے غیر قانونی طور پر عدالتی کارروائی ہو رہی ہے، 11 دسمبر (بقیہ نمبر 59)

فواد چوہدری کو جوڈیشل

ریمانڈ پر اڈیالہ جیل بھیج دیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کی احتساب عدالت نے سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری کو جوڈیشل ریمانڈ پر اڈیالہ جیل بھیج دیا۔ سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری کے خلاف جہلم میں تعمیراتی منصوبوں میں خورد برد کیس کی سماعت احتساب عدالت کے جج محمد بشیر نے کی۔ فواد چوہدری نے جج محمد بشیر سے مکالمہ کرتے ہوئے پوچھا کہ سر آپ کی طبیعت سنا ہے خراب ہوگئی تھی؟ اب کیسے ہیں؟ اخبار میں تو کافی کچھ لکھا تھا۔ جج محمد بشیر نے کہا کہ میں ٹھیک ہوں، بس ایسے ہی خبر بنا دیتے ہیں اخبار والے۔ وکیل صفائی نے کہا کہ فواد چوہدری سابق وفاقی وزیر اور (بقیہ نمبر 58)

چیچہ وطنی، ماں نے 3 بچوں

کو قتل کرکے خودکشی کرلی

چیچہ وطنی (این این آئی) چیچہ وطنی میں تہرے قتل کی لرزہ خیز واردات کے دوران ایک ماں نے اپنے 3 بچوں کو قتل کرنے کے بعد خود بھی زہر کھا کر خودکشی کرلی۔ کسوال پولیس نے بتایا کہ ماں نے تینوں بچوں کو تیز دھار آلہ سے قتل کیا، مقتولہ کا شوہر سے اکثر جھگڑا ہوتا رہتا تھا۔ پولیس نے بتایا کہ ماں اور بچوں کی لاشیں پوسٹ مارٹم کے لیے ہسپتال منتقل کردی گئی ہیں۔ پولیس کے مطابق قتل ہونے والے بچوں میں 9 سالہ علیشاہ، 6 سالہ سعدیہ اور 2 سالہ فرقان شامل ہیں۔



اعلان تقرری

محمد بلال کو

روزنامہ مسافت لاہور

کاڈسکہ میں سٹی رپورٹر مقرر کیا گیا ہے

تمام سرکاری وغیر سرکاری ادارے نوٹ فرمالیں

چیف ایڈیٹر: مسز راحت آراء
ایڈیٹر: حیدر علی بھٹی
پرنٹر و پبلشر اصغر علی جٹ نے مسافت پرنٹرز سے چھپوا کر آٹو سنٹر 108 لٹن روڈ لاہور سے شائع کیا
رابطہ نمبر۔ 0320-1420226